E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
صوبہ پختونخوا کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار
A.B.C CERTIFIED
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ شمال ایبٹ آباد
بیاد نیازپاشا جدون
فون نمبر 0992-385577
جلد نمبر 37 | پیر 22 ربیع الثانی 1448ھ 05 اکتوبر 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 209

تھانہ لساں نواب سے نابالغ بچہ غائب، والد کی انصاف کیلئے دہائی

مانسہرہ (تحصیل رپورٹر) تھانہ لساں نواب پر نابالغ بچہ غائب کرنے کا الزام۔ مانسہرہ ساکن لساں نواب محمد جاوید نے ڈی پی او مانسہرہ کو درخواست (ڈائری نمبر 1125، مورخہ 30-09-2026) دی ہے کہ تھانہ لساں نواب پولیس نے (بقیہ صفحہ 2 نمبر 1)

ہری پور، ہزارہ صوبہ کنونشن، تحریک کا دائرہ وسیع کرنے کا اعلان

سینیٹر طلحہ محمود کی قیادت میں کنونشن، سیاسی و سماجی شخصیات، علما، طلبا اور سول سوسائٹی کی شرکت، 11 اکتوبر کو بٹگرام اور 18 اکتوبر کو کراچی میں کنونشن کا اعلان

ہری پور (نمائندہ خصوصی) صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے عوامی رابطہ مہم کے تحت ہری پور میں سینیٹر طلحہ محمود کی قیادت میں صوبہ ہزارہ کنونشن کا باضابطہ انعقاد کیا گیا۔ صوبہ ہزارہ کنونشن میں صوبہ ہزارہ کے قائدین و راہنماؤں سمیت دیگر عہدے داروں اور سیاسی و سماجی شخصیات علاوہ ہر مکتبہ فکر حلقوں کی عوام، سول سوسائٹی، علماء اور طلبا نے شرکت کی۔ کنونشن میں صوبہ ہزارہ کے قائدین نے صوبہ ہزارہ کے قیام کے حوالے سے صوبہ ہزارہ کی تحریک کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ ہزارہ کا مطالبہ ہزارہ کی عوام کا دیرینہ اور اصولی مطالبہ ہے۔ جسے ہر صورت پورا کرتے ہوئے صوبہ ہزارہ کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ قائدین کا کہنا تھا کہ صوبہ ہزارہ (بقیہ صفحہ 2 نمبر 2)

ہری پور میں صوبہ ہزارہ کنونشن میں سردار محمد یوسف، سینیٹر طلحہ محمود، بابر نواز، و دیگر مقررین تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا لانگ مارچ، راستوں پر پابندیاں اور سکیورٹی سخت

صوبے اور پنجاب کے درمیان بعض راستوں کی بندش سے پشاور میں آٹے کی قیمت بڑھنے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے آغاز کے بعد، مختلف اضلاع میں راستوں کی بندش اور سکیورٹی سخت کر دی گئی جبکہ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوبے کو بچانے کے لیے ضرورت پڑنے پر ایمرجنسی نافذ کیے جانے کا عندیہ دے دیا ہے لانگ مارچ کے پیش نظر خیبر پختونخوا کے بعض اضلاع میں راستوں پر پابندیاں عائد ہیں (بقیہ صفحہ 2 نمبر 4)

آیت نور کیس، تین ملزمان کی ضمانت، تفصیلی فیصلہ جاری

تینوں کو بے قصور قرار دے کر کالم نمبر 2 میں رکھا، ایف آئی آر نامعلوم افراد کے خلاف درج ہوئی تھی

پھلڑہ (محمد سعید سے) آیت نور کیس میں پشاور ہائیکورٹ ایبٹ آباد بینچ نے قاسم نثار، طلحہ فرید اور محمد عثمان کی بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے انہیں ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت کا یکم اکتوبر 2026 کا تفصیلی فیصلہ سامنے آ گیا ہے۔ فیصلے کے مطابق تھانہ ٹی آئی پی ضلع ہری پور میں FIR نمبر 26/1361 نامعلوم (بقیہ صفحہ 2 نمبر 3)

KPK ای فرد اور ڈیجیٹل پبلک فیڈ نظام کا اجراء

شہری گھر بیٹھے یا قریبی مرکز سے فرد حاصل کرسکیں گے، بائیومیٹرک تصدیق اور کیو آر کوڈ کے ذریعے ریکارڈ کی آن لائن تصدیق ممکن ہوگی

ایبٹ آباد (نیوز ڈیسک) ہزارہ سمیت خیبر پختونخوا بھر میں لینڈ ریکارڈ نظام میں ای فرد اور ڈیجیٹل پبلک فیڈ نظام کا اجرا کر دیا گیا ہے، جس کے تحت شہریوں کو ریونیو دفاتر کے بار بار چکر لگانے کے بجائے گھر بیٹھے یا قریبی مرکز سے فرد حاصل کرنے کی سہولت میسر ہوگی۔ نئے نظام کے تحت ای فرد کے حصول کے لیے نادرا ای سہولت مراکز، سرکاری ویب سائٹ کے سیلف سروس پورٹل اور دستک ایپ کے ذریعے تین چینلز دستیاب ہوں گے۔ نادرا سے بائیومیٹرک تصدیق شدہ صارفین ہی ای فرد ڈاؤن لوڈ کرسکیں گے۔ حکام کے مطابق فرد کے اجرا کی فیس ون لنک اور ایزی پیسہ کے ذریعے الیکٹرانک طور پر سرکاری خزانے میں جمع ہوگی۔ ادائیگی کے بعد (بقیہ صفحہ 2 نمبر 5)

ایبٹ آباد بار اور CLEI میں ثالثی تربیت کا معاہدہ

وکلا کو ثالثی کے جدید طریقہ کار کی تربیت دی جائے گی، تنازعات کے جلد اور مؤثر حل میں معاونت ملے گی

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) ایبٹ آباد بار ایسوسی ایشن اور CLEI کے درمیان وکلا کو ثالثی (Mediation) کی تربیت فراہم کرنے کے لیے مفاہمتی یادداشت (بقیہ صفحہ 2 نمبر 12)

پنیان پولیس کی کارروائی، ایک کلو 850 گرام چرس برآمد

ہری پور (نمائندہ شمال) ایس ایچ او تھانہ پنیان احسن شکور نے (بقیہ صفحہ 2 نمبر 7)

ہزارہ صوبے کے مطالبے کو دھچکا، اباسین ڈویژن کا مطالبہ

قیادت نے صوبے کا نام خیبر پختونخوا رکھنے کی مخالفت کی تھی، شرکاء

راولپنڈی (خالد قریشی سے) بٹگرام میں آل پارٹیز کانفرنس کے شرکا نے ہزارہ صوبہ کا مطالبہ مسترد کرتے ہوئے بٹگرام، آلائی، تورغر، اپر و لوئر کوہستان، (بقیہ صفحہ 2 نمبر 13)

تحریک صوبہ ہزارہ کا خانسپور میں اہم پروگرام، جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

باڑیاں (خالد عباسی سے) ایوبیہ تحریک صوبہ ہزارہ کے زیر (بقیہ صفحہ 2 نمبر 6)

وزیر اعلیٰ نے جنوبی خیبر پختونخوا سے لانگ مارچ شروع کر دیا

لانگ مارچ کا قافلہ کرک، کوہاٹ، پشاور اور چارسدہ سے ہوتا ہوا آگے بڑھے گا، سہیل آفریدی

ہری پور (محمد آصف اعوان) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے جنوبی خیبر پختونخوا سے (بقیہ صفحہ 2 نمبر 8)

ہری پور، پانی کا بحران، 24 گھنٹے میں ایک گھنٹہ فراہمی

مقررہ وقت میں بھی پانی گھروں تک نہیں پہنچتا، شہریوں کا نادہندگان کے بجائے عوام کو سزا دینے سے گریز کا مطالبہ

ہری پور (نیوز رپورٹر) ہری پور شہر کی غربی آبادیوں میں پانی کی کمی کا بحران شدت اختیار کرتا جا رہا ہے، ٹی ایم اے کی طرف سے پورے شہر میں 24 گھنٹوں میں صرف ایک گھنٹہ پانی فراہم کرنے کے فیصلے پر عملدرآمد نے شہریوں کو نہ صرف اذیت میں (بقیہ صفحہ 2 نمبر 11)

ضلع میں افغانیوں کے انخلاء کے لیے کارروائیاں تیز کی جائیں

ہریپور شہر و دیگر جگہوں میں اب بھی افغانی اپنے کاروبار میں مصروف ہیں

ہریپور (کرائم رپورٹر) ضلع میں افغانیوں کے انخلاء کے لیے کارروائیاں تیز کی جائے، ہریپور شہر و دیگر جگہوں میں اب بھی افغانی اپنے کاروبار میں مصروف ہیں، (بقیہ صفحہ 2 نمبر 10)

بجلی مزید مہنگی، صارفین پر اربوں روپے کا اضافی بوجھ

ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں 2 روپے 6 پیسے فی یونٹ اضافہ، سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ 52 پیسے فی یونٹ، ستمبر سے نومبر تک اضافی وصولیاں ہوں گی

ہری پور (کرائم رپورٹر) نیپرا نے ملک بھر کے لیے ماہانہ اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مہنگی کر دی، نیپرا نے بجلی مہنگی کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا۔ ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں بجلی 2 روپے 6 پیسے فی یونٹ مہنگی کی گئی ہے، ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کے اضافے کا اطلاق ستمبر کے بلوں میں کیا جائے گا، جولائی کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کا صارفین پر 33 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل (بقیہ صفحہ 2 نمبر 14)

لانگ مارچ سے گھبراہٹ نہیں، مکمل بندوبست ہے، محسن نقوی

قانون توڑنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، وفاقی وزیر داخلہ کی پریس کانفرنس

ہری پور (کرائم رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ لانگ مارچ سے حکومت کو کوئی گھبراہٹ یا پریشانی نہیں، تمام انتظامات مکمل ہیں، اب کوئی (بقیہ صفحہ 2 نمبر 9)

ایبٹ آباد بار ایسوسی ایشن اور CLEI کے درمیان وکلا کی ثالثی (Mediation) تربیت کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جا رہے ہیں

تیز رفتار رکشہ سے گر کر جاں بحق ہونیوالا فضہ

سلطان پور حویلیاں، رکشہ سے گر کر ننھی بچی جاں بحق

تیز رفتار رکشہ سے گرنے کے باعث حادثہ، چنگی بانڈی کی فضہ موقع پر دم توڑ گئی

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں کے علاقے سلطان پور میں افسوسناک حادثے کے دوران ننھی بچی رکشہ سے گر کر جاں بحق ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق چنگی بانڈی (بقیہ صفحہ 2 نمبر 15)

ہریپور، نابالغ بچے کو قتل کرنیوالے ملزم کو عمر قید کی سزا

10 مئی 2022 کو معمولی تنازعہ پر نابالغ بچے راضی خان کو قتل کیا گیا تھا

ہریپور (کورٹ رپورٹر) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج میاں زاہد اللہ جان کی عدالت سے نابالغ بچے کو قتل کرنے والے ملزم کو عمر قید، 20 لاکھ جرمانہ، جبکہ زیر (بقیہ صفحہ 2 نمبر 16)



ایبٹ آباد ایف آئی اے سائبر کرائم کی بڑی کارروائی، انسٹاگرام پر جرمن خاتون بن کر شہریوں سے ایک کروڑ 80 لاکھ روپے کا فراڈ کرنے والا گینگ کے 25 میں سے پانچ ملزمان گرفتار

صوبہ ہزارہ کا قیام ناگزیر ہو چکا، سردار محمد یوسف

صنعتی آمدن کو بروئے کار لا کر خطے کو خود کفیل انتظامی اکائی بنایا جا سکتا ہے

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر) صوبہ ہزارہ کا قیام ناگزیر بن چکا ہے، سردار محمد یوسف، تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و چیئرمین صوبہ ہزارہ تحریک سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ ہزارہ خطہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے یہاں قیمتی (بقیہ صفحہ 2 نمبر 17)

ہزارہ محاذ پاکستان کے رہنماؤں کے مشکور ہیں، اسد جاوید

ہزارہ قومی محاذ اور تحریک صوبہ ہزارہ کا اتحاد ہزارہ صوبہ کے قیام میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا

حویلیاں (نمائندہ شمال) ہزارہ قومی محاذ پاکستان اور تحریک صوبہ ہزارہ پاکستان کا اتحاد ہزارہ صوبہ کے قیام میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا رہنما تحریک صوبہ ہزارہ سردار اسد جاوید انھوں ہزارہ محاذ پاکستان کے رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا جنھوں نے صوبہ ہزارہ کے (بقیہ صفحہ 2 نمبر 18)

مانسہرہ تا ایبٹ آباد کھٹارہ ویگنوں سے مسافر پریشان

ہچکولے کھاتی پرانی گاڑیوں میں سفر خواتین و حضرات کیلئے وبالِ جان بن گیا

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مانسہرہ شہر تا ایبٹ آباد چلنے والی کھٹارہ ویگن گاڑیوں سے نجات دلائی جائے، ہچکولے کھاتے گاڑیوں سفر کرنے والے خواتین و حضرات مسافر سخت پریشانی و شدید مشکلات کا شکار، عوامی حلقوں و مسافروں (بقیہ صفحہ 2 نمبر 19)

ہزارہ ایکسپریس وے پر تین گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں

ہاتھی میرا کے قریب حادثہ، گاڑیوں کو نقصان، جائے وقوعہ پر جم غفیر

مانسہرہ (نمائندہ شمال) ہزارہ ایکسپریس وے پر ہاتھی میرا کے قریب تین گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں، جس کے نتیجے میں گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔ حادثے کے بعد موقع پر لوگوں کی بڑی تعداد جمع ہوگئی۔ حادثے کی فوری طور پر جانی نقصان یا زخمیوں کے (بقیہ صفحہ 2 نمبر 20)

بابر نواز خان کی سردار محمد مشتاق خان کی رہائش گاہ پر آمد

کھلابٹ (نمائندہ شمال) رکن قومی اسمبلی بابر نواز خان نے کوٹ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

اپر کوہستان، سیلابی نقصانات کا سروے شروع کرنے کا فیصلہ

ڈپٹی کمشنر عزیز اللہ جان کی متاثرہ مکانات اور مویشیوں کا درست ریکارڈ مرتب کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) اپر کوہستان کی ضلعی انتظامیہ نے حالیہ مون سون بارشوں، سیلابی ریلوں اور لینڈ سلائیڈنگ سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

مرتضی جاوید عباسی نے صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) ٹیکساس و پاکستانی نژاد امریکی بزنس مین سہیل عباسی سے عشائیے پر ملاقات

تھانہ بٹل میں تشدد کے الزامات، متاثرہ بچے کو انجکشن لگانے کا انکشاف

سلیم عمران سواتی کی زیر علاج بچے سے ویڈیو کال پر گفتگو، تشویش کا اظہار

مانسہرہ (نمائندہ شمال) تھانہ بٹل پولیس پر مبینہ تشدد کا شکار افراد کو انجکشن لگانے کے سنگین الزامات سامنے آئے ہیں۔ سابق امیدوار قومی اسمبلی سلیم عمران (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

زواوکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کی تقریب، مستحق بچیوں کو ہنر سکھانے پر زور

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) میرپور، چیئرپرسن ڈسٹرکٹ کمیٹی آن (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

فردا احسان ہری پور کا سہولت ڈیلیوری سنٹر کا دورہ

ہری پور (شمال نیوز) ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر-1 فردا احسان ہری پور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

تحریک انصاف نے لکی مروت سے لانگ مارچ شروع کر دیا

وفاقی حکومت اور خیبر پختونخوا حکومت کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور ناکام

راولپنڈی (خالد قریشی سے) وفاقی حکومت اور خیبر پختونخوا حکومت کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور ناکام ہونے کے بعد تحریک انصاف نے اعلان کردہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

آیت نور کیس: طلحہ، قاسم اور عثمان کی رہائی پر کانگڑہ ایکشن کمیٹی کا استقبال

عدالت سے ضمانت منظور ہونے کے بعد رہائی، بچوں پر پھولوں کی پتیاں نچھاور، شرکا کا اظہارِ مسرت

ہری پور (نمائندہ شمال) شہید آیت نور کیس میں نامزد طلحہ، قاسم اور عثمان کی عدالت سے ضمانت منظور ہونے کے بعد رہائی پر کانگڑہ ایکشن کمیٹی کی جانب سے بچوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

رکن قومی اسمبلی بابر نواز خان کی علی خان میں دعوت ولیمہ میں شرکت

ہری پور (نمائندہ شمال) رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 18 بابر نواز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

رکن قومی اسمبلی بابر نواز خان کی منگلور کالونی میں نماز جنازہ میں شرکت

ہری پور (نمائندہ شمال) رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 18 بابر نواز خان نے منگلور کالونی میں محمد سجاد کے بھائی محمد شکیل کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ انہوں نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر I- ہریپور فردا احسان مختلف دکانوں اور فروٹ سیلرز کا معائنہ کر رہی ہیں

پیپلز پارٹی کے وفد کی مزمل شاہ کی رہائش گاہ آمد، دعائے مغفرت

ایبٹ آباد (شمال نیوز) پیپلز پارٹی پاکستان کے سیکرٹری جنرل سید نیئر حسین بخاری، صوبائی جنرل سیکرٹری محمد شجاع خان (شازی خان)، ایم پی اے و سینئر وائس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

موٹر سائیکل و لیپ ٹاپ چوری میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

تھانہ میرپور پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل اور دو لیپ ٹاپ برآمد، مقدمات درج

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) ڈی پی او ایبٹ آباد ہارون رشید خان کی ہدایات پر ایس پی کینٹ ڈویژن محمد اشتیاق اور ڈی ایس پی میرپور کی زیر نگرانی ایس ایچ او (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

مالکانِ اراضی کو زمین کا ریکارڈ CNIC سے منسلک کرانے کی ہدایت

پر فارم مکمل کر کے پٹواری سے تصدیق اور متعلقہ سروس ڈیلیوری سینٹر میں جمع کرانے کی ہدایت

ہری پور (نمائندہ شمال) ڈپٹی کمشنر ہری پور کی جانب سے ضلع بھر کے مالکانِ اراضی کو اپنے قومی شناختی کارڈ (CNIC) کو زمین کے ملکیتی ریکارڈ سے منسلک کرانے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ شہری زمین سے متعلق آن لائن سہولیات اور خدمات سے با (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

تھانہ بالاکوٹ کی حدود میں پولیس کا لیڈیز پولیس کے ہمراہ نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن

جوڈیشل کمپلیکس ہری پور کا مشترکہ سکیورٹی آڈٹ

پولیس، سی ٹی ڈی، بم ڈسپوزل یونٹ اور سکیورٹی برانچ کے افسران کی بھرپور شرکت

ہری پور (نمائندہ شمال) ہری پور پولیس کی جانب سے جوڈیشل کمپلیکس کا مشترکہ سکیورٹی آڈٹ کیا گیا، جس میں ایڈیشنل سیشن جج و ایڈمن جوڈیشل کمپلیکس اصغر خان، ایس پی سکیورٹی ہزارہ ڈویژن قمر زمان، ڈی ایس پی سٹی، آر آئی پولیس لائن، ایس ایچ او ٹی آئی پی، انچارج سکیورٹی جوڈیشل کمپلیکس سمیت سی ٹی ڈی، بم ڈسپوزل یونٹ اور سکیورٹی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

خیبر پختونخوا میں امن و امان پر سیاسی اختلافات ختم کرنے کا مطالبہ

لاقانونیت کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے وفاق و صوبے میں تعاون ضروری، رئیسہ خان

پھلڑہ (محمد سعید سے) صوبے کے امن کو سیاسی ضد کی نذر کر دیا، سہیل آفریدی کی حکمت عملی پر خیبر پختونخوا عوام کا شدید ردعمل ایڈووکیٹ رئیسہ خان شہزادی خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں جاری بدامنی، دہشتگردی اور صوبائی حکومت کی ترجیحات پر عوام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

صوبہ ہزارہ کے حق میں آج کاغان فلورمل سے ریلی نکالی جائے گی

کلگان (وحید الرحمٰن سے) مانسہرہ صوبہ ہزارہ کے حق میں عظیم الشان ریلی وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

ایم پی اے آمنہ سردار کی بریسٹ کینسر آگاہی مہم، ابتدائی تشخیص پر زور

آگاہی مہم کی تقریب میں ماہر خواتین ڈاکٹرز اور سماجی تنظیموں کی بھی بھرپور شرکت

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) ایم پی اے آمنہ سردار مہمات میں بھرپور انداز میں سرگرم عمل ہیں۔ ہر سال اکتوبر کے 2018 سے بریسٹ کینسر کے خلاف آگاہی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

مانسہرہ پولیس اہلکار رب نواز خان دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے

مانسہرہ (نمائندہ شمال) مانسہرہ پولیس کے اہلکار رب نواز خان دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ آج بروز اتوار شام 5 بجے شنکیاری محلہ گفا میں ادا کی جائے گی۔ پولیس اہلکار کے انتقال کی خبر پر ساتھی اہلکاروں اور عزیز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

سینیٹر طلحہ محمود کراچی پہنچ گئے، تحریک صوبہ ہزارہ پر مشاورت

صوبہ ہزارہ کی تحریک کے آئندہ لائحہ عمل اور مہم سے متعلق مشاورت متوقع

کراچی (شمال نیوز) سینیٹر محمد طلحہ محمود تحریک صوبہ ہزارہ کی مہم کے سلسلے میں مشاورت اور کراچی میں مقیم ہزارہ کمیونٹی سے ملاقاتوں کے لیے کراچی پہنچ گئے۔ ان کے دورے کے دوران تحریک صوبہ ہزارہ کے حوالے سے مختلف امور پر مشاورت اور آئندہ کی سرگرمیوں سے متعلق تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ سینیٹر طلحہ محمود کراچی میں ہزارہ کمیونٹی کے نمائندوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

وقاص انور عرف کاشی قتل کیس، نامزد ملزمان گرفتار

تھانہ بفہ کی حدود میں 16 ستمبر 2026 کو بچوں کے مابین تصادم کے دوران فائرنگ کا واقعہ پیش آیا تھا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) وقاص انور عرف کاشی قتل کیس، نامزد تمام ملزمان گرفتار تھانہ بفہ کی حدود میں 16 ستمبر 2026 کو بچوں کے مابین تصادم کے دوران فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، جس میں وقاص انور عرف کاشی ولد انور خان فریقین کے درمیان لڑائی میں بیچ بچا کروا رہے تھے کہ ملزمان نے مبینہ طور پر بارادہ قتل فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں وقاص انور جاں بحق ہوگئے۔ واقعہ کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

شبیر مبینہ تشدد کیس، سلیم عمران سواتی کا زیر علاج نوجوان سے رابطہ

سابق امیدوار قومی اسمبلی کی لاہور سے ویڈیو لنک پر خیریت دریافت کی گئی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پی ٹی آئی کے سینئر رہنما و سابق امیدوار قومی اسمبلی این اے 14 سلیم عمران خان سواتی نے کنگ عبداللہ ہسپتال مانسہرہ میں زیرِ علاج (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

مانسہرہ، مضر صحت پاپڑ اور چپس کی فروخت، کارروائی کا مطالبہ

غیر معیاری پاپڑ، لیز اور چپس کی تیاری و فروخت، بچوں کی صحت متاثر ہونے کا خدشہ

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مانسہرہ گردونواح میں مضر صحت پاپڑ اور دیگر کھانے پینے کی اشیا کی فروخت، کارروائی کا مطالبہ۔ اس سلسلہ میں مانسہرہ کے عوامی و سماجی حلقوں نے متعلقہ محکمہ کے افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر بھر سمیت گردونواح میں مبینہ طور پر غیر معیاری اور خود ساختہ پاپڑ، لیز اور دیگر کھانے پینے کی اشیا کی تیاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

ایوب میڈیکل کمپلیکس، تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر احتجاج

مالی مشکلات کا شکار ملازمین سراپا احتجاج، بروقت تنخواہوں کی ادائیگی اور مسائل کے فوری حل کا مطالبہ

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) ایوب میڈیکل کمپلیکس میں ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث شدید مشکلات کا سامنا ہے، جس پر ملازمین سراپا احتجاج بن گئے۔ ملازمین کا کہنا ہے کہ تنخواہوں میں تاخیر کے باعث گھریلو اخراجات پورے کرنا دشوار ہوگیا ہے۔ ملازمین نے مطالبہ کیا کہ انتظامیہ فوری طور پر تنخواہیں جاری کرے اور آئندہ بروقت ادائیگی یقینی بنائی جائے تاکہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

اوگی کٹھائی بٹل بلیک ٹاپ روڈ کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

علاقہ کے کاروباری اور عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور عوام نے شرکت کی

اوگی (نامہ نگار) اوگی کٹھائی بٹل بلیک ٹاپ روڈ کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس میں علاقہ کے عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور عوام نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سید واجد علی شاہ، حبیب بسی خیل اور ماجد انصافی نے اوگی کٹھائی بٹل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

مانسہرہ، نائب صدر پریس کلب عقیل احمد تنولی کے سسر کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

کالج دوراہا بازار مانسہرہ کا قدیم اور معروف علاقہ ہے

پرانی روایات اور اپنائیت، بدلتے وقت کے باوجود ثقافتی رنگ برقرار

مانسہرہ (نمائندہ شمال) کالج دوراہا بازار مانسہرہ کا وہ قدیم اور معروف علاقہ ہے جہاں آج بھی ہزارہ کے ثقافتی رنگ اپنی خوبصورتی کے ساتھ نمایاں نظر آتے ہیں۔ یہاں کی رونق، مقامی طرزِ زندگی، لوگوں کی اپنائیت اور پرانی روایات اس علاقے کو منفرد شناخت عطا کرتی ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ شہر کے انداز اور ضروریات ضرور بدلے، تاہم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

تھانہ بفہ پولیس نے وقاص انور عرف کاشی قتل کیس میں نامزد تینوں ملزمان عدنان، احسان اور احمد علی کو گرفتار کرلیا

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ایڈیٹر
خرم شہزاد جدون
فون نمبر 0345-9541220

روزنامہ شمال، ایبٹ آباد، سوات، مظفر آباد، کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے
نیاز پاشا جدون پرنٹر و پبلشر نے پاشا پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

روزنامہ شمال، خیبر پختونخواہ، پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے
سروے گیلپ۔ این آر سی۔ آئی سی ایل

ایبٹ آباد ہیڈ آفس
پلاٹ نمبر 6-A سال انڈسٹریل اسٹیٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر 0992-385577
موبائل نمبر 0311-8185558
E-mail:dailyshamal1991@gmail.com
website:shamal.com.pk

سوات
حاجی بابا چوک مینگورہ سوات
0946-711788

مظفر آباد
عقب جی پی اوز دایوان صدر مظفر آباد
05822-446938

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ زد کانڈے والا موٹرز فورتھ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبر: 021-2762266-2762241
E-mail: shamalkarachi@yahoo.com

راولپنڈی / اسلام آباد
حاجی وحید الزمان
03345008600

مانسہرہ بیورو
شہزاد جہانگیری
فون نمبر: 0300-8111316

ھری پور بیورو
0315-5906226
جاوید عباسی
ایس پی آفس، سرکلر روڈ بالمقابل پائلٹ سکول گیٹ نمبر 2 ہری پور

تناول بیورو چیف
0343-9555768
عبدالقدیر

سوموار 22 ربیع الثانی 1448ھ 05 اکتوبر 2026ء

عوام کیلئے ٹرانسپورٹ یا آزمائش؟

مانسہرہ سے ایبٹ آباد کے درمیان روزانہ ہزاروں شہری سفر کرتے ہیں، جن میں طلبہ، ملازمین، خواتین، بزرگ اور کاروباری افراد شامل ہیں۔ ایسے اہم روٹ پر اگر مسافروں کو کھٹارہ، پرانی اور بار بار خراب ہونے والی گاڑیوں میں سفر کرنا پڑے تو یہ محض سفری دشواری نہیں بلکہ عوام کی سلامتی کا بھی اہم سوال ہے۔ پبلک ٹرانسپورٹ کا بنیادی مقصد شہریوں کو محفوظ، باعزت اور مناسب سفری سہولت فراہم کرنا ہے۔ اگر کسی گاڑی کی حالت ایسی ہو کہ اس میں سفر کے دوران مسافر مسلسل ہچکولے کھائیں یا گاڑی راستے میں خراب ہو جائے تو متعلقہ محکموں کو صرف شکایات سننے کے بجائے عملی کارروائی کرنا ہوگی۔ گاڑیوں کی فٹنس محض کاغذی کارروائی نہیں ہونی چاہیے بلکہ سڑک پر چلنے والی ہر گاڑی کی حقیقی حالت جانچنا ضروری ہے۔ خصوصا خواتین، بچوں اور بزرگوں کیلئے ناقص گاڑیوں میں سفر مزید مشکل ہو جاتا ہے۔ مسافر کرایہ ادا کرتے ہیں تو ان کا یہ حق بھی ہے کہ انہیں اس کے بدلے مناسب اور محفوظ سفری سہولت ملے۔ ٹرانسپورٹرز کیلئے بھی ضروری ہے کہ کاروباری مفاد کے ساتھ مسافروں کی جان و سلامتی کو اولین ترجیح دیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مانسہرہ تا ایبٹ آباد روٹ پر چلنے والی تمام پبلک ٹرانسپورٹ کا جامع فٹنس معائنہ کیا جائے، ناقص گاڑیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہو اور بہتر حالت والی گاڑیوں کو روٹ پر لانے کیلئے مؤثر پالیسی بنائی جائے۔ عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ سڑک پر سفر کریں تو منزل تک پہنچنے کی فکر ہو، گاڑی کے راستے میں جواب دے جانے کی نہیں۔

پاکستان افغانستان، کشیدگی پھر عروج پر

پاکستان اور افغانستان کے درمیان ایک بار پھر کشیدگی نے خطرناک رخ اختیار کرلیا ہے۔ گزشتہ چند ہفتوں کے دوران دونوں ممالک کے درمیان سرحدی جھڑپوں، عسکری کارروائیوں اور ایک دوسرے پر الزامات کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری رہا ہے، لیکن تازہ فضائی حملوں نے ایک مرتبہ پھر یہ سوال پیدا کر دیا ہے کہ کیا دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان حالات مزید سنگین ہو سکتے ہیں۔

یکم اکتوبر 2026 کو سامنے آنے والی اطلاعات کے مطابق پاکستان نے افغانستان کے صوبوں کنڑ اور ہلمند میں مبینہ عسکریت پسندوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ پاکستانی حکام کے مطابق کارروائی کے نتیجے میں 22 مبینہ شدت پسند ہلاک ہوئے جبکہ اسلحہ اور گولہ بارود کے ذخائر بھی تباہ کیے گئے۔

دوسری جانب افغانستان کی طالبان حکومت نے پاکستانی کارروائی کو مختلف انداز میں پیش کیا ہے۔ طالبان حکومت کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کے مطابق پاکستانی طیاروں نے کنڑ اور ہلمند میں رہائشی علاقوں کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت نو شہری ہلاک اور گیارہ زخمی ہوئے۔ ان دعوں میں سے کسی بھی فریق کے اعداد و شمار کی مکمل آزادانہ تصدیق فوری طور پر نہیں ہو سکی۔

اقوام متحدہ کے افغانستان مشن نے بھی سرحد پار تشدد پر تشویش ظاہر کی ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق حالیہ حملوں میں کم از کم دس شہری ہلاک ہوئے، جن میں زیادہ تر بچے تھے، جبکہ نو افراد زخمی ہوئے۔ مشن نے فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ کشیدگی کم کریں، مذاکرات کا راستہ اختیار کریں اور شہریوں کو مزید نقصان سے بچائیں۔

یہ صورتحال اس لیے بھی تشویشناک ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان تنازع صرف ایک واقعے تک محدود نہیں رہا۔ گزشتہ کئی ماہ سے پاکستان کی جانب سے یہ الزام عائد کیا جاتا رہا ہے کہ پاکستان میں حملے کرنے والے عسکریت پسند افغانستان کی سرزمین استعمال کر رہے ہیں۔

پاکستان بالخصوص تحریک طالبان پاکستان، یعنی ٹی ٹی پی، کے حوالے سے شدید تحفظات کا

قلمِ حق
انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

اظہار کرتا ہے۔ اسلام آباد کا مؤقف ہے کہ افغانستان میں موجود عسکریت پسند پاکستان کے اندر حملوں کی منصوبہ بندی اور کارروائیاں کرتے ہیں اور کابل ان عناصر کے خلاف مؤثر اقدامات نہیں کر رہا۔

افغان طالبان حکومت ان الزامات کو مسترد کرتی رہی ہے۔ کابل کا کہنا ہے کہ وہ پاکستان کے خلاف اپنی سرزمین استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیتا اور پاکستان کو اپنے مسائل کا حل افغانستان پر الزام عائد کرنے کے بجائے مذاکرات کے ذریعے تلاش کرنا چاہیے۔

اصل مسئلہ یہی ہے کہ دونوں حکومتوں کے درمیان اعتماد تقریباً ختم ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ پاکستان کسی حملے کے بعد افغانستان میں موجود مبینہ عسکریت پسندوں کو ذمہ دار قرار دیتا ہے، جبکہ افغانستان پاکستانی فوجی کارروائیوں کو اپنی خودمختاری کی خلاف ورزی قرار دیتا ہے۔

ایسی صورتحال میں ہر نیا حملہ پچھلے واقعے کا ردعمل بن سکتا ہے۔ اگر پاکستان افغانستان میں کارروائی کرتا ہے اور کابل اسے جارحیت سمجھتا ہے تو افغان طالبان کی جانب سے سرحدی سطح پر جوابی کارروائی کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

اس کے بعد پاکستان دوبارہ اپنے سرحدی علاقوں میں فوجی کارروائی کر سکتا ہے، یوں ایک ایسا سلسلہ شروع ہو سکتا ہے جس میں ہر فریق اپنی کارروائی کو دفاعی قدم اور دوسرے فریق کی کارروائی کو اشتعال انگیزی قرار دے۔

گزشتہ دنوں کی صورتحال بھی یہی ظاہر کرتی ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان پیدا ہونے والی کشیدگی اچانک شروع نہیں ہوئی۔ ستمبر میں تقریباً تین ماہ کی نسبتاً خاموشی کے بعد سرحدی کشیدگی دوبارہ بڑھی اور پاکستان نے افغانستان کے مختلف علاقوں میں فضائی کارروائیاں کیں۔

اس کشیدگی کے پیچھے صرف سرحدی جھڑپیں نہیں بلکہ عسکریت پسند گروہوں کی موجودگی، سرحد پار حملے، باہمی الزامات اور افغانستان کے اندر مختلف مسلح گروہوں کی سرگرمیاں بھی شامل ہیں۔ یہی پیچیدہ صورتحال کسی بھی عارضی جنگ بندی کو دیرپا امن میں تبدیل ہونے سے روک سکتی ہے۔

پاکستان کے لیے سب سے بڑا مسئلہ اپنی سرزمین پر ہونے والے دہشت گرد حملوں کو روکنا ہے۔ اگر افغانستان میں موجود کسی گروہ کی جانب سے پاکستان کے اندر حملوں کا خطرہ برقرار رہتا ہے تو اسلام آباد پر اپنے شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کے تحفظ کے لیے کارروائی کا دباؤ بھی موجود رہے گا۔

لیکن دوسری طرف افغانستان میں شہری آبادی پر کسی بھی فوجی کارروائی کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکتیں کشیدگی کو مزید بڑھا سکتی ہیں۔ خواتین اور بچوں کی ہلاکتوں کی اطلاعات خاص طور پر عوامی جذبات کو متاثر کرتی ہیں اور حکومتوں کے لیے مذاکرات کی طرف واپس آنا زیادہ مشکل بنا دیتی ہیں۔

اس مسئلے کا ایک اور خطرناک پہلو سرحدی علاقوں میں رہنے والی عام آبادی ہے۔ پاکستان اور افغانستان کی طویل سرحد کے دونوں جانب ایسے خاندان اور قبائل موجود ہیں جن کے سماجی اور معاشی تعلقات سرحدی لکیر سے کہیں زیادہ پرانے ہیں۔

اگر مسلسل جھڑپیں جاری رہیں تو سب سے زیادہ متاثر یہی عام لوگ ہو سکتے ہیں۔ کاروبار، آمدورفت، روزگار اور خاندانوں کے باہمی روابط متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ سرحدی علاقوں میں خوف اور بے یقینی کی کیفیت پیدا ہو سکتی ہے۔

پاکستان اور افغانستان کے درمیان ماضی میں بھی شدید کشیدگی پیدا ہوئی، لیکن مختلف مواقع پر مذاکرات اور ثالثی کے ذریعے حالات کو قابو میں لانے کی کوشش کی گئی۔ رواں سال بھی فریقین کے درمیان جنگ بندی اور مذاکرات کے ذریعے کشیدگی کم کرنے کی کوششیں ہوئی تھیں، مگر بنیادی اختلافات برقرار رہے۔

اس سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ صرف عارضی جنگ بندی کافی نہیں ہوگی۔ اگر دونوں ممالک واقعی مستقل امن چاہتے ہیں تو انہیں ان بنیادی سوالات کا جواب تلاش کرنا ہوگا کہ افغانستان کی سرزمین سے پاکستان کے خلاف ہونے والی مبینہ عسکری سرگرمیوں کو کس طرح روکا جائے اور پاکستان کی جانب سے سرحد پار کارروائیوں کو کیسے محدود کیا جائے۔ مذاکرات اس معاملے میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ اگر ایک فریق صرف فوجی طاقت کو حل سمجھتا رہے اور دوسرا ہر فوجی کارروائی کے جواب میں مزاحمت کو ضروری سمجھے تو کشیدگی ختم ہونے کے بجائے مزید گہری ہو سکتی ہے۔ اس صورتحال میں چین اور دیگر علاقائی ممالک بھی سفارتی سطح پر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ماضی میں بھی بیرونی ثالثی کے ذریعے پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ بندی کی کوششیں ہوئی ہیں، اس لیے مستقبل میں بھی سفارتی رابطوں کو فعال رکھنے کی ضرورت موجود ہے۔ تاہم مذاکرات اسی وقت کامیاب ہو سکتے ہیں جب دونوں جانب سے ایک دوسرے کے بنیادی خدشات کو سنجیدگی سے سمجھا جائے۔ پاکستان کے سیکورٹی خدشات کو نظر انداز کرنا مسئلے کا حل نہیں، جبکہ افغانستان کی خودمختاری اور شہریوں کے تحفظ کے معاملے کو نظر انداز کرنا بھی کشیدگی کم نہیں کرے گا۔ کیا یہ کشیدگی مزید شدت اختیار کر سکتی ہے؟ موجودہ حالات میں اس امکان کو مکمل طور پر مسترد نہیں کیا جا سکتا، خصوصاً اگر پاکستان میں مزید بڑے حملے ہوں، افغانستان میں مزید فضائی کارروائیاں کی جائیں یا سرحد پر جوابی حملوں کا سلسلہ شروع ہو جائے۔ حالیہ واقعات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ صورتحال انتہائی حساس ہے۔ تاہم یہ بھی ضروری ہے کہ موجودہ صورتحال کو لازماً ایک بڑی جنگ کی طرف بڑھتے ہوئے مرحلے کے طور پر نہ دیکھا جائے۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرحدی روابط، علاقائی سلامتی اور لاکھوں لوگوں کے مفادات ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، اس لیے طویل جنگ دونوں طرف کے عوام کے لیے انتہائی بھاری قیمت کا باعث بن سکتی ہے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ الزام تراشی اور جوابی کارروائیوں کے بجائے قابل اعتماد مذاکرات کا راستہ دوبارہ کھولا جائے۔ سرحد پار عسکریت پسندی کے مسئلے پر قابل عمل طریقہ کار، انٹیلی جنس تعاون، سرحدی رابطوں اور شہریوں کے تحفظ کے لیے واضح اصول وضع کیے جا سکتے ہیں۔ پاکستان اور افغانستان دونوں کے عوام کئی دہائیوں سے جنگ اور بدامنی کے اثرات برداشت کرتے آئے ہیں۔ ایک بار پھر اگر کشیدگی نے بڑے تصادم کی شکل اختیار کی تو اس کا نقصان صرف حکومتوں یا عسکری قوتوں تک محدود نہیں رہے گا بلکہ سرحد کے دونوں جانب عام خاندان، بچے، تاجر اور مزدور بھی اس کی قیمت ادا کریں گے۔ موجودہ صورتحال کا سب سے اہم سبق یہی ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان مسئلہ صرف سرحد پر فوجی طاقت سے حل نہیں ہوگا۔ جب تک عسکریت پسندی، سرحدی سلامتی، خودمختاری اور باہمی اعتماد جیسے بنیادی معاملات پر سیاسی اور سفارتی حل تلاش نہیں کیا جاتا، ہر نئی جھڑپ آئندہ کسی بڑے بحران کی بنیاد بن سکتی ہے۔ اب آنے والے دن انتہائی اہم ہوں گے۔ اگر دونوں جانب سے تحمل کا مظاہرہ کیا گیا اور سفارتی رابطے بحال ہوئے تو موجودہ کشیدگی کو محدود کیا جا سکتا ہے، لیکن اگر حملوں اور جوابی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہا تو پاکستان اور افغانستان کے درمیان پہلے سے موجود خلیج مزید گہری ہونے کا خطرہ برقرار رہے گا۔

قوم کے ہیروز کو سلام

کسی بھی قوم کی فکری، اخلاقی اور معاشی ترقی میں استاد کا کردار ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ جہاں والدین بچے کی جسمانی نشوونما اور پرورش کی ذمہ داری اٹھاتے ہیں، وہیں استاد اس کی ذہنی، فکری اور روحانی کی تربیت کا فریضہ انجام دیتا ہے۔ وہ روشن چراغ جو جہالت کی تاریکیوں میں علم کی روشنی پھیلاتا ہے اور انسان کو حیوانِ ناطق سے باوقار شہری بناتا ہے، وہ استاد ہی ہے۔

5 اکتوبر کو دنیا بھر میں ''ورلڈ ٹیچرز ڈے'' منانے کی روایت دراصل انہی بے لوث عنایتوں اور لازوال خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔ یونیسکو نے 1994ء میں 5 اکتوبر کو عالمی یومِ اساتذہ کے طور پر مقرر کیا۔ اس دن دنیا بھر میں سیمینارز اور کانفرنسوں کے ذریعے اساتذہ کے اہم کردار کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ پاکستان میں مشرف دور کے دوران جب ذرائع ابلاغ نے اساتذہ کے حقوق اور مشکلات، بالخصوص باوقار رہائش، مناسب ٹرانسپورٹیشن، پیشہ ورانہ تربیت اور جدید تدریسی ٹیکنالوجی کی فراہمی کو نمایاں کیا، تو 5 اکتوبر کو ''سلام ٹیچرز ڈے'' کے عنوان سے باقاعدہ منانا شروع کیا گیا۔ یہ دن اس بات کا اعتراف ہے کہ استاد وہ پھول ہے جس کی خوشبو سے معاشرے میں امن، محبت، برداشت اور اخوت کے رنگ بکھرتے ہیں۔

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں دیکھا جائے تو استاد کا مقام حدِ ادب سے بھی بلند ترین مرتبے پر نظر آتا ہے۔ دینِ اسلام نے علم کو تمام فضیلتوں کا سرچشمہ قرار دیا اور معلم کو روحانی باپ کا درجہ دیا۔ خود مخبر صادق، خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا ہے'' (ابن ماجہ) قرآنی آیات شاہد ہیں کہ انسانِ اول حضرت آدمؑ کو اسماء کا علم رب کائنات نے خود سکھایا، اور انبیاء کرام کی بعثت کا ایک بنیادی مقصد حکمت و تعلیم کی ترویج تھا۔ ''و یعلمھم الکتاب والحکمۃ''۔ یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ نے معلم کی محبوبیت کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ لوگوں کو بھلائی سکھانے والے پر اللہ، اس کے فرشتے، زمین و آسمان کی تمام مخلوقات حتیٰ کہ اپنے بلوں میں چیونٹیاں اور سمندر میں مچھلیاں بھی رحمت و دعا بھیجتی ہیں۔ ہمارے اسلاف کی تاریخ استاد کے احترام کے شاندار واقعات سے بھری پڑی ہے۔ خلیفہ دوم حضرت عمر فاروقؓ معلمین کو نہ صرف تدریس بلکہ اعلیٰ انتظامی امور میں بھی ممتاز مقام دیتے تھے۔ حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا: ''جس نے مجھے ایک حرف بھی پڑھا دیا، میں اس کا غلام

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

ہوں''۔ محدثین کرام، مثلاً حضرت یحییٰ بن معینؒ اور امام ابو یوسفؒ کا قول تاریخ کے اوراق پر ثبت ہے کہ جو استاد کی قدر نہیں کرتا وہ کبھی کامیابی کا ذائقہ نہیں چکھ سکتا۔ یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ استاد کے بغیر محض کتب کا مطالعہ علم تو دے سکتا ہے مگر حکمت و دانائی نہیں بخشتا۔ اس کی مثال یوں ہے کہ ایک طالب علم نے اپنے استاد سے پوچھا کہ کتاب سے ہمیں وہ لطف نہیں ملتا جو آپ کے لیکچر سے حاصل ہوتا ہے؟ استاد نے مسکرا کر پوچھا: ''شہد کی مکھی شہد کیسے بناتی ہے؟'' طالب علم نے جواب دیا: ''پھولوں کے رس سے۔'' استاد نے فرمایا: ''اگر تم ان پھولوں کو براہِ راست کھاؤ تو ان کا ذائقہ کڑوا ہوگا؛ بالکل اسی طرح استاد شہد کی مکھی کی مانند ہزاروں کتب اور تجربات کا نچوڑ اپنے شاگردوں کے سامنے مٹھاس بنا کر پیش کرتا ہے۔'' استاد کے چالیس منٹ کے ایک لیکچر کے پیچھے اس کی دہائیوں کی ریاضت، فکر اور مطالعہ چھپا ہوتا ہے۔ معاشرہ اگر استاد کی تدریس کو ایک معمولی کام سمجھتا ہے، تو اسے خود چالیس منٹ کا ایک باأثر اور جامع لیکچر دے کر دیکھنا چاہیے تا کہ محنت اور صلاحیت کا اندازہ ہو سکے۔ بدقسمتی سے آج ہمارے معاشرتی اور حکومتی رویوں میں تضاد نظر آتا ہے۔ آج استاد کو وہ معاشرتی مقام حاصل نہیں جو ایک کرپٹ اور نااہل بااثر شخص کو دیا جاتا ہے۔ حکومتوں کے دعوے اور اعلانات اپنی جگہ، لیکن عملی طور پر اساتذہ کے مسائل جوں کے توں ہیں۔ نجی اسکولوں اور کالجوں میں اساتذہ کا شدید معاشی استحصال کیا جاتا ہے، جبکہ سرکاری سطح پر بھی بڑھتی ہوئی مہنگائی کے تناسب سے ان کی مراعات ناکافی ہیں۔ اساتذہ کو تدریسی عمل کے بجائے پولیو مہمات، مردم شماری، اور الیکشن ڈیوٹیوں جیسے غیر متعلقہ کاموں میں الجھا دیا جاتا ہے، جس سے تعلیم کا معیار متاثر ہوتا ہے۔ دور دراز علاقوں میں تعینات اساتذہ، بالخصوص خواتین اساتذہ کے لیے محفوظ ٹرانسپورٹیشن اور رہائش کی سہولیات ناپید ہیں۔ مناسب تو یہ ہے کہ اساتذہ کے لیے ایک الگ اور باوقار پے سکیل (Teacher Specific Pay Scale) وضع کیا جائے اور نجی اداروں میں کم از کم اجرت کے قانون کو سختی سے نافذ کیا جائے۔ اساتذہ کو تمام غیر متعلقہ اور انتظامی ڈیوٹیوں سے یکسر آزاد کیا جائے تاکہ وہ تمام تر توجہ طلبہ کی تربیت پر مرکوز کر سکیں۔ ہر ضلع کی سطح پر اساتذہ کی جدید ٹیکنالوجی اور جدید طریقہ تدریس سے آراستگی کے لیے عالمی معیار کے اکیڈمک ٹریننگ سینٹرز قائم کیے جائیں نیز انتظامیہ، پولیس اور دیگر اداروں میں اساتذہ کے ساتھ ترجیحی اور احترامانہ سلوک کو یقینی بنایا جائے۔ یاد رکھیے! جب تک ہم بحیثیت قوم اور حکومت استاد کے حقوق کی پاسداری اور اس کے مقام احترام کو بحال نہیں کریں گے، علمی و معاشی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ آج سلام ٹیچرز ڈے کے اس موقع پر ہمیں دل کی اتھاہ گہرائیوں سے اپنے اساتذہ کا ممنون ہونا چاہیے۔ یہاں پر پنجاب حکومت کی تعریف نہ کرنا بھی بخیلی ہو گی کہ اساتذہ کو بے شک پنجاب حکومت سے بڑے شکوے ہیں اور وہ گزشتہ دو سال سے سراپا احتجاج ہیں مگر اس حکومت نے ایک مثبت اور قابلِ تحسین کام یہ کیا ہے کہ سرکاری اساتذہ کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے

"سلام ٹیچرز ڈے"

کے موقع پر پورے صوبے کے ضلعی صدر مقامات پر نمایاں کارکردگی کے حامل اساتذہ کو "ہیرو ایوارڈ" پیش کیے جا رہے ہیں جو یقیناً اساتذہ کی حوصلہ افزائی اور ان میں جذبہ مسابقت پیدا کرنے کا باعث بنیں گے۔ دیگر صوبوں کے لیے یہ ایک قابلِ تقلید عمل ہے۔

بقیہ 1

اس کے نابالغ بیٹے محمد حمزہ کو 28 ستمبر کو شام 3 سے 4 بجے کے درمیان اٹھا کر حوالات میں بند کیا۔ سائل کے مطابق تھانے پر کوئی FIR نہ دکھائی گئی، صرف ماسٹر خالد کے گھر چوری کی تفتیش کا بہانہ بنایا گیا۔ اگلے روز سائل نے عدالت ASJ-VII میں 491 Cr.P.C کے تحت بازیابی کی درخواست دائر کی تو پولیس نے بچے کو تھانے سے غائب کر دیا اور اب لاعلمی ظاہر کر رہی ہے۔ عدالتی بیلف نے CCTV چیک کیے تو کیمرے Non Working پائے گئے، پولیس کا کہنا ہے کہ کیمرے 28 ستمبر 3:30 بجے کے بعد خراب ہیں، جبکہ والد کا الزام ہے کہ کارروائی کا علم ہوتے ہی کیمرے اور روزنامچے کا ریکارڈ غائب کیا گیا۔ متاثرہ والد نے ڈی پی او سے بچے کی فوری بازیابی اور ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 2

تحریک کے تحت عوامی رابطہ مہم کے لیے 11 اکتوبر 2026 کو بگرام میں کنونشن منعقد ہوگا۔ جبکہ 18 اکتوبر 2026 کو کراچی میں صوبہ ہزارہ کنونشن منعقد کیا جائے گا۔ قائدین نے کہا کہ ہم اس سے پہلے بھی ملک کے طول و عرض میں جلسے، جلوس اور ریلیاں کر چکے ہیں، کے پی کے اسمبلی تین دفعہ صوبہ ہزارہ کی قرارداد پاس کر چکی ہے، وفاق کے دونوں ایوانوں میں صوبہ ہزارہ کا بل موجود ہے اب ہم دوبارہ عوام کی طرف بھی رجوع کر رہے ہیں کیوں کہ صوبہ ہزارہ کے لیے بھرپور عوامی تائید اور حمایت ہمیں حاصل ہے

بقیہ 3

افراد کے خلاف درج ہوئی تھی، بعد ازاں مدعی محمد شفیق نے 20 اگست کو ریکارڈ کرائے گئے بیان میں قاسم نثار، طلحہ فرید، محمد عثمان سمیت مزید دو نامعلوم افراد پر الزامات عائد کیے۔ تاہم سی سی ٹی وی فوٹیج دیکھنے کے بعد مدعی نے حسن نامی ملزم کی شناخت کی اور اس کے خلاف دعویداری کی۔ مزید تفصیلات آیت نور کیس: پشاور ہائی کورٹ ایبٹ آباد بنچ کا تین ملزمان کی ضمانت کا تفصیلی فیصلہ مدعی مقدمہ محمد شفیق (والد آیت نور) نے عدالت کو بتایا کہ اسے ملزمان کی ضمانت پر کوئی اعتراض نہیں اور پولیس نے تفتیش کے مطابق بھی ملزمان کو بے گناہ قرار دیتے ہوئے خانہ نمبر 2 میں رکھا جس پر عدالت عالیہ نے ملزمان کو ضمانت پر رہائی کا حکم دیا۔ آیت نور کیس میں پشاور ہائی کورٹ ایبٹ آباد بنچ نے قاسم نثار، طلحہ فرید اور محمد عثمان کی بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے انہیں ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا ہے۔ پشاور ہائی کورٹ ایبٹ آباد سنگل بنچ کے یکم اکتوبر 2026 کے فیصلے کے مطابق مقدمہ FIR نمبر 361/26 تھانہ TIP ضلع ہری پور میں درج کیا گیا تھا۔ ابتدائی FIR نامعلوم افراد کے خلاف درج ہوئی، تاہم بعد میں مدعی نے 20 اگست 2026 کو ریکارڈ کرائے گئے اپنے بیان میں قاسم نثار، طلحہ فرید اور محمد عثمان سمیت دو مزید نامعلوم افراد پر الزامات عائد کیے۔ لیکن بعد میں سی سی ٹی وی فوٹیج دیکھنے کے بعد مدعی نے ملزم حسن کو شناخت کیا اور ملزم کے خلاف حسب ضابطہ دعویداری کی۔ عدالتی فیصلے کے مطابق حسن کی نشاندہی پر پولیس نے بچی کی میت برآمد کی۔ فیصلے میں مزید درج ہے کہ حسن نے اپنا اعترافی بیان بھی ریکارڈ کرایا اور اس بیان میں اس نے موجودہ تین درخواست گزاروں قاسم نثار، طلحہ فرید اور محمد عثمان کو مبینہ جرم میں شریک قرار نہیں دیا۔ دورانِ تفتیش پولیس نے بھی ان درخواست گزاروں کو بے قصور قرار دیتے ہوئے ان کے نام کالم نمبر 2 میں رکھے۔ مدعی ہائی کورٹ میں بھی پیش ہوا اور فیصلے کے مطابق مدعی محمد شفیق اپنے وکیل ممبر صوبائی بار کونسل خیبر پختونخوا سید شاہد محبوب ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کے ہمراہ پشاور ہائی کورٹ ایبٹ آباد بنچ کے سامنے بھی پیش ہوا اور اس نے واضح طور پر کہا کہ اسے ان تین درخواست گزاروں کو ضمانت دیے جانے پر کوئی اعتراض نہیں محمد عثمان کے اعترافی بیان پر عدالت کا اہم مشاہدہ عدالت نے محمد عثمان سے منسوب اعترافی بیان میں بھی ایک بظاہر اہم تضاد نوٹ کیا۔ فیصلے کے مطابق محمد عثمان نے ایک مخصوص سوال کے جواب میں کہا تھا کہ وہ پانچ روز پولیس تحویل میں رہا، لیکن ریکارڈ ظاہر کرتا ہے کہ اسے 21 اگست 2026 کو گرفتار کیا گیا جبکہ اس کا اعترافی بیان اگلے ہی روز یعنی 22 اگست 2026 کو ریکارڈ کیا گیا۔ ہائی کورٹ کا فیصلہ عدالت نے قرار دیا کہ اس مرحلے پر شواہد کی گہرائی میں جانا ٹرائل پر اثر انداز ہو سکتا ہے، تاہم موجود حالات میں درخواست گزاروں کو ضمانت کی رعایت دینے کے لیے کافی بنیاد موجود ہے۔ چنانچہ تینوں کی ضمانت منظور کرتے ہوئے ہر درخواست گزار کو ایک لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے اور اسی رقم کے دو ضامن فراہم کرنے کا حکم دیا گیا

بقیہ 4

جبکہ صوبے اور پنجاب کے درمیان بعض راستوں کی بندش سے پشاور میں آٹے کی قیمت بڑھنے کی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں۔ تاہم نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس کے مطابق ایم ون پشاور اسلام آباد، ایم 14 ہکلہ ڈی آئی خان اور سوات ایکسپریس وے کھلی ہیں، جبکہ ای 35 پر مکریاں کے مقام پر تعمیراتی کام کے باعث ایک لین بند ہے۔ اسلام آباد کے حوالے سے وفاقی حکومت نے سڑکیں مکمل بند کرنے کی اطلاعات کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مختلف مقامات پر رکھے گئے کنٹینرز حفاظتی اقدامات کا حصہ ہیں اور سڑکیں بند نہیں کی گئیں۔ وزارت اطلاعات کے مطابق حساس تنصیبات، شہریوں اور املاک کے تحفظ کے لیے حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ادھر گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے آج کہا ہے کہ اگر صوبے کو بچانے کے لیے ضرورت پڑی تو ایمرجنسی نافذ کی جا سکتی ہے

بقیہ 5

فرد شہری کے اکاؤنٹ میں محفوظ رہے گی اور ضرورت کے وقت دوبارہ ڈاؤن لوڈ کی جا سکے گی۔ ڈیجیٹل نظام کے تحت جاری ہونے والی فرد پر موجود کیو آر کوڈ کے ذریعے مرکزی اراضی ریکارڈ سے آن لائن تصدیق بھی ممکن ہوگی، جس سے ملکیتی ریکارڈ کی جانچ پڑتال کا عمل مزید آسان، تیز اور شفاف بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 6

اہتمام خانپور میں ایک اہم پروگرام منعقد ہوا، جس میں تحریک صوبہ ہزارہ کے قائدین، عہدیداران، کارکنان اور علاقہ مکینوں نے بھرپور شرکت کی۔ پروگرام میں مقررین نے صوبہ ہزارہ کے قیام کی ضرورت، خطے کے عوام کو درپیش مسائل اور ہزارہ کی الگ صوبائی حیثیت کے لیے جاری جدوجہد پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ تقریب سے تحریک صوبہ ہزارہ کے صدر گوہر رحمان، یاسر کڑال، راجہ ممتاز الرحمان عباسی، حسن نزاکت عباسی فیضان عباسی عبدالرحیم عباسی سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ ہزارہ کے عوام اپنے بنیادی حقوق، بہتر انتظامی نظام اور علاقے کی ترقی کے لیے طویل عرصے سے الگ صوبے کے قیام کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ صوبہ ہزارہ کا قیام عوام کی دیرینہ خواہش اور خطے کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ مقررین کا کہنا تھا کہ تحریک صوبہ ہزارہ کسی ایک فرد یا جماعت کی تحریک نہیں بلکہ یہ ہزارہ کے عوام کے اجتماعی حقوق کی آواز ہے۔ ہزارہ کے عوام نے ہمیشہ جمہوری اور آئینی طریقے سے اپنے مطالبات کے حصول کے لیے جدوجہد کی ہے اور آئندہ بھی اس جدوجہد کو بھرپور انداز میں جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ ڈویژن قدرتی وسائل، سیاحت، تعلیم، صنعت اور دیگر شعبوں میں بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے، تاہم انتظامی محرومیوں کے باعث یہ خطہ اپنی حقیقی استعداد کے مطابق ترقی نہیں کر سکا۔ الگ صوبہ بننے سے مقامی سطح پر انتظامی معاملات بہتر ہوں گے، روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آ سکیں گی۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تحریک صوبہ ہزارہ کو مزید منظم اور فعال بنایا جائے گا اور عوامی رابطہ مہم کو وسعت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ کے عوام کو اپنے حق کے لیے متحد ہو کر آواز بلند کرنا ہوگی۔ تقریب کے اختتام پر شرکا نے صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے مطالبے سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے۔ مقررین نے پرعزم انداز میں کہا کہ ان شاء اللہ صوبہ ہزارہ بن کر رہے گا اور اس مقصد کے حصول تک جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 7

پولیس نفری کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے رفاقت علی ولد غلام رفیق سکنہ سری کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے ایک کلو 850 گرام چرس برآمد ہوئی۔ ملزم کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی۔

بقیہ 8

لانگ مارچ شروع کر دیا۔ لانگ مارچ کے پہلے مرحلے کا آغاز غنڈی چوک لکی مروت سے ہوا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ کے پی نے کہا کہ مختلف اضلاع سے عوام مارچ میں شامل ہوں گے۔ لانگ مارچ کا قافلہ کرک، کوہاٹ، پشاور اور چارسدہ سے ہوتا ہوا آگے بڑھے گا۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ 5 اکتوبر رات 12 بجے کرک سے لوگ قافلے میں شامل ہوں گے۔ کرک سے آگے کی جانب روانگی ساڑھے 12 بجے ہوگی جب کہ رات کوہاٹ کے قریب قیام ہوگا۔ 6 اکتوبر دن 12 بجے کوہاٹ، ہنگو، کرم اور اورکزئی کے لوگ شامل ہوں گے۔ کوہاٹ سے لانگ مارچ پشاور کی جانب روانہ ہوگا جب کہ شرکا متنی کے قریب رات قیام کریں گے۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ لانگ مارچ کے اگلے مرحلے کے منصوبے کا اعلان خیر آباد کے مقام پر کیا جائے گا۔ جبکہ وفاقی حکومت سے مذاکرات کی تیسری نشست کے لیے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان متحرک ہو گئے۔ پاکستان تحریک انصاف اور وفاقی حکومت کے درمیان مذاکرات میں ڈیڈ لاک برقرار ہے اور گزشتہ روز دونوں کے درمیان دو روزہ مذاکرات بغیر کسی نتیجے کے ختم ہو گئے تھے۔ آج کی اطلاعات کے مطابق مذاکرات کی تیسری نشست کے لیے بیرسٹر گوہر کے رابطے جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے کئی سینیئر رہنما لانگ مارچ سے قبل مذاکرات کی کامیابی کے خواہاں ہیں۔ تاکہ کسی بھی قسم کے ممکنہ تصادم اور نقصان سے بچا جا سکے

بقیہ 9

مذاکرات نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج ہر شہری کا بنیادی حق ہے تاہم کسی کو بھی اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ اپوزیشن وفد کے ساتھ مذاکرات میں تمام معاملات پر اتفاق ہو چکا تھا، تاہم ان کے مطابق خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے عین وقت پر مذاکرات سے اتفاق نہ کرنے کا مؤقف اختیار کیا، جس کے بعد پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات ختم ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت اور وزیر اعظم کو تمام صورتحال سے آگاہ کر دیا گیا ہے اور ان کے فیصلے پر مکمل عملدرآمد کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ حکومت نے مذاکرات کے دوران پی ٹی آئی سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کا مطالبہ نہیں کیا تھا بلکہ یہ درخواست پیپلز پارٹی کی جانب سے کی گئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ لانگ مارچ شروع ہونے کے بعد جو بھی قانون کی خلاف ورزی کرے گا اسے آگے بڑھنے نہیں دیا جائے گا، خیبر پختونخوا کے اندر یا باہر قانون شکنی کی صورت میں کارروائی ہوگی۔ محسن نقوی نے کہا کہ وفاقی حکومت چاہتی ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاست کا ساتھ دے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اسلام آباد کا رخ کرنے یا دھرنا دینے والے کارکنوں اور سیاسی رہنماؤں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر احتجاج کے دوران کوئی جانی نقصان ہوا تو اس کی ذمہ داری وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی پر عائد ہوگی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ حکومت اسلام آباد پر بار بار احتجاجی دھاووں کے سلسلے کو ختم کرنا چاہتی ہے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے ہر شخص کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 10

غیر قانونی طریقہ سے رہائش پزیر افغانیوں کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ، باوثوق ذرائع کے مطابق اس وقت ضلع ہری پور میں متعدد جگہوں پر افغانی رہائش پزیر اور وہ اپنے اپنے کاروبار کر رہے ہیں انکے پاس کوئی قانونی حیثیت بھی نہیں ہے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جوں ہی ان کے خلاف کارروائیاں تیز کی جاتی ہیں تو انہیں مقامی لوگ پناہ دیکر انہیں چھپا دیا جاتا ہے اور حالات رو ٹین پہ آتے ہیں تو یہی افغانی دوبارہ اپنے اپنے کاروبار میں لگ جاتے ہیں ذرائع کے مطابق ہری پور ریلوے روڈ پر ایک حجام کی دوکان پر قریب چار افغانی کام کر رہے ہیں جن میں سے دو کے پاس پاکستانی ویزا یعنی قانونی حیثیت موجود ہے جبکہ دو دوسرے ساتھی وہ غیر قانونی رہائش پزیر ہیں جنکا کہنا ہے کہ ہمارے پاس سرکاری لوگ شیو، کٹنگ کے لیے آتے ہیں اس لیے ہمارا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا ہے

بقیہ 11

مبتلا کر دیا ہے بلکہ جہاں بجلی بند ہو یا پریشر نہ ہو وہاں یہ پانی بھی نہیں پہنچ پاتا، اور عوام اپنے گھریلو ضروریات زندگی کیلئے بھی پانی کی کمی کے شکار کر دیئے گئے ہیں اس سلسلے میں جب ٹی ایم اے حکام سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ ہمارا اس معاملے سے کوئی تعلق نہیں رہا بلکہ صوبائی گورنمنٹ نے اب محکمہ واسا بنا کر اختیارات اسے دے دیئے ہیں اور واسا حکام نے یہ ہدایات جاری کی ہیں کہ پورے شہر میں 24 گھنٹوں میں صرف ایک گھنٹہ پانی فراہم کیا جائے، کیونکہ ٹیوب ویلز کے بجلی بقایاجات بہت زیادہ ہیں، ادھر شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ واسا اور ٹی ایم اے اپنے بجلی بلوں کے بقایاجات ان نادہندگان سے وصول کریں جو نادہندہ ہیں اور عوام کو اس کی سزا نہ دی جائے، کیونکہ 24 گھنٹوں میں صرف ایک گھنٹہ پانی وہاں بھی پورا نہیں ہو سکتا جہاں پانی کا پریشر فل ہو اور بجلی بھی اس وقت موجود ہو جبکہ اس وقت بجلی کی اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ جاری ہے اور اگر پانی کا ٹائم بجلی بند ہونے کے وقت میں اجائے تو ٹیوب ویل آپریٹرز کو دوبارہ اس علاقے کا پانی کھولنے کی اجازت نہیں ہوتی اور جہاں پانی کا پریشر ہی پورا نہ ہو وہاں دو گھنٹے پانی چلے تب بھی پورا نہیں ہو سکتا لہذا اس مسئلے کا حل نکالا جائے اور شہریوں کو گھریلو استعمال کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، اہل علاقہ نے صوبائی چیئرمین ڈیڈک کمیٹی اکبر ایوب خان اور یوسف ایوب سے مداخلت کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 12

پر دستخط کیے گئے۔ معاہدے کے تحت ایبٹ آباد کے وکلا کے لیے ثالثی کے طریقہ کار، عملی مہارتوں اور تنازعات کے متبادل حل سے متعلق تربیتی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ اس اقدام کا مقصد وکلا کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ اور عدالتوں پر مقدمات کے بوجھ میں کمی کے لیے ثالثی کے مؤثر نظام کو فروغ دینا ہے۔ فریقین کے مطابق تربیت یافتہ وکلا فریقین کے درمیان تنازعات کو عدالت سے باہر باہمی رضامندی کے ذریعے حل کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

بقیہ 13

کولائی پالس اور پکھل کے علاقے پر مشتمل اباسین ڈویژن کے قیام کا مطالبہ کیا ہے ہفتے کے روز یہاں ہونے والی آل پارٹیز کانفرنس میں بگرام کے سیاسی و سماجی رہنماں نے متفقہ طور پر ہزارہ صوبے کے مطالبے کو مسترد کر دیا۔ اے این پی کے ضلعی صدر ریاض خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہزارہ ڈویژن کی اکثریت پشتونوں پر مشتمل ہے، جو ہزارہ صوبے کے قیام کے مطالبے کو مسترد کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ حکومت خیبر پختونخوا میں الگ اباسین ڈویژن قائم کرے، گلفام صابر نے اپنے خطاب میں کہا کہ اے این پی کی حکومت کے دور میں 18 ویں آئینی ترمیم کے نفاذ کے بعد ہزارہ ڈویژن کی سیاسی قیادت نے صوبے کا نام خیبر پختونخوا رکھنے کی مخالفت کی تھی مسئلے کا واحد حل اباسین ڈویژن کا قیام ہے، جس میں بگرام، آلائی، تورغر، اپر و لوئر کوہستان، کولائی پالس اور پکھل کے علاقے شامل ہوں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر رسول خان نے کہا کہ وکلا ہزارہ صوبے کے قیام کے مخالف اور اباسین ڈویژن کے حامی ہیں۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سابق وزیر بخت نواز خان نے کہا کہ ملک کو اس وقت نئے صوبوں کے بجائے امن اور معاشی استحکام کی ضرورت ہے، اس لیے ہزارہ صوبے کے قیام کا مطالبہ مسترد کرتے ہیں۔ اے این پی کے سابق ضلعی صدر ایاز خان نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں، سماجی کارکنوں، تاجر تنظیموں اور طلبہ نمائندوں نے متفقہ قرارداد کے ذریعے ہزارہ صوبے کے مطالبے کو مسترد اور اباسین ڈویژن کے قیام کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اباسین ڈویژن کے قیام کے لیے عوامی حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ایک کمیٹی تشکیل دے کر ملحقہ اضلاع کا دورہ کیا جائے گا۔

بقیہ 14

ہوگا۔ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی 52 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کا فیصلہ جاری کر دیا گیا۔ نیپرا نے اپریل تا جون 2026 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا فیصلہ وفاقی حکومت کو بھجوا دیا، سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق ستمبر سے نومبر 2026 کے لیے ہوگا، سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا نیپرا کے مطابق سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا صارفین پر 12 ارب 67 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ پڑے گا

بقیہ 15

کی رہائشی فضہ دختر طاہر خان حویلیاں سے واپس گھر جا رہی تھی کہ آصف ترپال سلطان پور کے قریب تیز رفتار رکشہ سے باہر گر گئی۔ حادثے کے نتیجے میں بچی شدید زخمی ہوئی اور موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں سوگ کی فضا چھا گئی جبکہ اہل علاقہ نے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور والدین و لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے، آمین۔

بقیہ 16

دفعہ 201 میں تین سال اور 50 ہزار روپے جرمانہ کی سزا سنائی گی، واقعہ کے مطابق ملزم خیالی گل ساکنہ کیمپ نمبر 18 ہری پور نے مورخہ 10 مئی 2022 کو معمولی تنازعہ پر نابالغ بچے راضی خان کو قتل کیا تھا اور مقتول کے ورثاء کی جانب سے دو ملزمان جن میں خیالی گل اور نور اللہ پر دعویداری کی گی اور مقامی تھانہ پولیس نے دونوں ملزمان کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کیا اور ملزمان کو گرفتار کے بعد جیل بھیج دیا بعد ازاں عدالت نے دونوں اطراف سے شہادتیں اور گواہوں کے بیانات قلمبند کروائیں اور عدالت نے اپنے فیصلے میں بالا سزا سنائی جبکہ ملزم نور اللہ کے خلاف کمزور شہادتوں کے باعث اسے بری کر دیا

بقیہ 17

پتھروں سمیت اعلیٰ قسم کی معدنیات کے وسیع ذخائر، بڑے پیمانے پر جنگلات اور دیگر قدرتی وسائل موجود ہیں جبکہ مختلف صنعتوں سے بھی خطے کو نمایاں آمدنی حاصل ہوتی ہے۔ ان وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لا کر ہزارہ ایک مضبوط اور خود کفیل انتظامی اکائی بن سکتا ہے۔ صحافی شیخ زبیر سے گفتگو کرتے ہوئے سردار محمد یوسف نے کہا کہ صوبہ ہزارہ ہمارا حق ہے اور ہم یہ حق ضرور لے کر رہیں گے صوبہ ہزارہ کا قیام اب ناگزیر ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ کے عوام اپنے آئینی و جمہوری مطالبے کے حصول کے لیے طویل عرصے سے جدوجہد کر رہے ہیں اور اس مقصد کے لیے دی جانے والی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کی مخالفت کرنے والوں کو یہ بات سمجھنی چاہیے کہ ہزارہ کے عوام اپنے حق کے لیے متحد ہیں اور اپنی آئینی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ان شاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب ہزارہ کے عوام کو صوبے کے قیام کی خوشخبری ملے گی۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کے قیام کی جدوجہد میں سات نوجوانوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے ان شہدا کی قربانیاں اس تحریک کا سرمایہ ہیں اور ان کا خون ضرور رنگ لائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کا مطالبہ کسی لسانی یا نسلی بنیاد پر نہیں بلکہ انتظامی بنیادوں پر ہے جس کا مقصد عوام کو بہتر انتظامی سہولیات، ترقی کے مواقع اور اختیارات تک مؤثر رسائی فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے آئینی و جمہوری جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ واضح رہے کہ سردار محمد یوسف اس سے قبل بھی متعدد مواقع پر صوبہ ہزارہ کے قیام کے مطالبے کو قومی سطح پر اجاگر کر چکے ہیں۔ اگست 2026 میں انہوں نے کہا تھا کہ ہزارہ صوبے کے قیام کے لیے وسیع سیاسی حمایت موجود ہے جبکہ خیبر پختونخوا اسمبلی اس مطالبے کے حق میں تین مرتبہ قراردادیں منظور کر چکی ہے۔

بقیہ 18

قیام کے لیے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر اس مطالبے کو تقویت بخشی ہے ہم قائد تحریک صوبہ ہزارہ سردار بابا حیدر زمان مرحوم کے اس پودے کی آبیاری کے لئے اپنا تن من دھن لگا کر ہزارہ کو انتظامی بنیادوں پر قائم کرنے کے لئے مشترکہ جدوجہد تیز کریں گے ہماری دیگر تنظیموں جنھوں نے صوبہ ہزارہ کے قیام کے لیے اپنی کاوشیں شروع کر رکھی ہیں انھیں بھی اپنے ساتھ شامل کرنے کی کوشش کریں گے کیونکہ صوبہ ہزارہ کا قیام کسی لسانیت پر مبنی نہیں ہے بلکہ ہزارے وال قوم ہونے کے ناطے انتظامی بنیادوں پر مطالبہ کر رہے ہیں سردار اسد جاوید رہنما تحریک صوبہ ہزارہ نے کہا ہزارہ کے عوام کا حق بنتا ہے کہ انھیں ایک علیحدہ صوبہ دیا جائے ہزارہ کے وسائل ہزارہ کے عوام کی تعمیر و ترقی پر لگائے جائیں

بقیہ 19

کا اصلاح حوالہ کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ شہر سے ایبٹ آباد چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ ویگن سروس میں اکثریت کھٹارہ گاڑیوں کی پائی جاتی ہے یہ گاڑیاں نہ صرف پرانے ماڈل کی ہیں بلکہ ٹوٹ پھوٹ و انجن کی خرابی کا بھی شکار رہتی ہیں مسافروں کے مطابق ہچکولے کھاتے کھٹارہ گاڑیوں میں سفر کے دوران کئی بار وین راستے میں ہی خراب ہو جاتی ہے جس کے باعث مسافر حضرات بالخصوص خواتین کو سخت پریشانی و شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان حالات میں شہری و عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سے کھٹارہ گاڑیاں ختم کرنے اور لاری اڈہ شہر میں مانسہرہ تا ایبٹ آباد کیلئے مناسب حالت والی ٹویٹا ہائی ایس گاڑیاں شامل کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 20

آ حوالے سے مزید تفصیلات سامنے نہیں آ سکیں۔ متعلقہ اداروں کی جانب سے حادثے کی وجوہات معلوم کی جا رہی ہیں۔

بعدالت جناب محمد کمال شاہ سول جج IV مانسہرہ نمبر مقدمہ 63/1 رجوعہ 16-6-25 پیشی 13.10.2026 دعویٰ

اشتہار بنام زوہیب حیدر ولد حیدر ساکنہ ٹاؤن شپ مانسہرہ محمد قاسم ولد یعقوب ساکنہ اوگرہ مانسہرہ عبدالرشید ولد عبدالخالق محمد شکیل ولد سلطان ساکنہ مدینہ کالونی ابراہیم ولد وسیم افضل ساکنہ بالاکوٹ ناصر خورشید ولد محمد خورشید ساکنہ اوگرہ ضلع مانسہرہ (اصل مدعا علیہم)

اندرین مقدمہ عنوان بالا میں مذکورہ بالا کی تعمیل ہونا ناممکن ہے لہذا بذریعہ اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 13-10-2025 بوقت 8 بجے اصالتاً وکالتاً مختیارتاً جیسی بھی صورت ممکن ہو عدالت ہذا حاضر ہو کر پیروی مقدمہ کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی۔

دستخط حاکم اہمہر عدالت

اطلاع عام

شیرین النساء دختر براخان زوجہ محمود خان فوت شدہ ہیں انکے شرعی وارثان میں شاہجہان ساقی، محمد اسماعیل خان، پسران و مسماتان پروین، تسلیم، یاسمین دختران محمود خان ہیں انکے علاوہ اور کوئی شرعی وارث نہ ہے اگر کسی کو کوئی اعتراض یا عذر ہو تو متعلقہ حلقہ پٹوار ارغوشال سے رابطہ کر سکتا ہے

منجانب محمد اسماعیل خان ولد محمود خان ساکن ارغوشال ڈھوڈیال حال راولپنڈی

اطلاع عام

میرے والد عزیز الرحمن ولد فقیر اللہ وفات پا چکے ہیں جن کے شرعی و حقیقی وارثان میں مسماۃ زلیخان بی بی (بیوہ) عبدالرزاق، اشتیاق، محمد فیاض، شاکر زیب، بلال عزیز پسران و مسماتان مہناز بی بی، شہناز بی بی، گلناز بی بی دختران عزیز الرحمن شامل ہیں ان کے علاوہ دیگر کوئی شرعی وارث نہ ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر سات یوم متعلقہ تحصیلدار صاحب سے رابطہ کرے بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر: عبدالرزاق ولد عزیز الرحمن ساکنہ بارہین بوئی تحصیل و ضلع ایبٹ آباد

بقیہ 1

دی اسٹیٹس آف ویمن ایبٹ آباد اور سابق رکن قومی اسمبلی کی زوا ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کی تقریب میں شرکت، کامیاب طلبہ و طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم، نمایاں کارکردگی دکھانے والی بچیوں کی حوصلہ افزائی کی گئی۔اس موقع پر ادارے کی منتظمہ نورین اسد سے درخواست کی گئی کہ علاقے کی مستحق اور نادار بچیوں کو ترجیحی بنیادوں پر داخلہ دیا جائے تاکہ وہ ہنر سیکھ کر باعزت روزگار حاصل کرسکیں۔ مستحق بچیوں کی فہرست بھی ادارے کے حوالے کی گئی جس پر منتظمہ نے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔مقررین نے کہا کہ ہنرمند خواتین مضبوط خاندان اور بااختیار معاشرے کی بنیاد ہیں۔

بقیہ 2

خان نے علی خان میں سابق ممبر ضلع کونسل سید تیمور حیدر شاہ کے کزن سید حیدر زمان شاہ اور سید عباس حیدر شاہ کی دعوت ولیمہ میں شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے دولہا اور اہل خانہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

بقیہ 3

سواتی نے ہسپتال میں زیرعلاج بچے سے ویڈیو کال پر گفتگو کی اور بچے سے مبینہ تشدد اور تھانہ بٹل میں پیش آنے والے واقعات سے متعلق معلومات حاصل کیں۔ذرائع کے مطابق متاثرہ بچے کو ہسپتال میں طبی امداد دی جا رہی ہے، جبکہ پولیس کے مبینہ تشدد اور انجکشن لگائے جانے کے الزامات نے معاملے کی شفاف تحقیقات کی ضرورت مزید بڑھا دی ہے۔شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرکے حقائق سامنے لائے جائیں اور اگر الزامات درست ثابت ہوں تو ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 4

کا استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر بچوں پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں جبکہ شرکا نے رہائی پر خوشی کا اظہار کیا۔کانگڑہ ایکشن کمیٹی کے ارکان نے طلحہ، قاسم اور عثمان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی انہیں ہمیشہ اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ واضح رہے کہ عدالت کی جانب سے ضمانت منظور ہونے کے بعد تینوں بچوں کی رہائی عمل میں آئی۔

بقیہ 5

پریذیڈنٹ صوبائی ویمن ونگ اشبر جدون، ممبر ایگزیکٹو سپریم کورٹ راحیلہ بی بی سمیت ویمن ونگ، مدرونگ اور پی وائی او کے عہدیداران نے آج مزمل شاہ کی رہائش گاہ پر حاضری دی۔وفد نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی اور اہل خانہ سے تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 6

برانچ کے افسران نے شرکت کی۔مشترکہ آڈٹ کے دوران جوڈیشل کمپلیکس کے سکیورٹی انتظامات، پارکنگ، سی سی ٹی وی سرویلنس، واک تھرو گیٹس اور مختلف چیکنگ پوائنٹس سمیت دیگر متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر ممکنہ سکیورٹی خطرات کی نشاندہی، حفاظتی انتظامات کو مزید موثر بنانے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت ومئوثر انداز میں نمٹنے کے لیے ضروری اقدامات اور حفاظتی تدابیر کا بھی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے سکیورٹی انتظامات میں بہتری اور خامیوں کے ازالے کے لیے ضروری اقدامات یقینی بنانے پر زور دیا۔

بقیہ 7

واقارب نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔مرحوم کے لیے مغفرت، بلندی درجات اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔

بقیہ 8

پورے مہینے کے دوران بریسٹ کینسر کی ابتدائی تشخیص، بروقت اسکریننگ اور احتیاطی تدابیر کے حوالے سے آگاہی سیشنز اور مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔اس آگاہی مہم میں آنکولوجسٹس، بریسٹ کینسر سرجنز اور دیگر طبی شعبوں سے وابستہ ماہر خواتین ڈاکٹرز کی ٹیم بھی شریک ہوتی ہے، جو خواتین کو بریسٹ کینسر کی علامات، ابتدائی تشخیص کی اہمیت اور بروقت طبی معائنے کے حوالے سے آگاہی فراہم کرتی ہے۔ثوبیہ شوکت بھی اس ٹیم کا اہم حصہ ہیں اور ہر سال آگاہی سرگرمیوں میں بھرپور تعاون اور شرکت کرتی ہیں۔مہم کے دوران ہزارہ ویمن ایسوسی ایشن اور النسا کے اراکین بھی فعال کردار ادا کرتے ہوئے مختلف آگاہی پروگرامز میں حصہ لیتے ہیں۔منتظمین کے مطابق مہم کا بنیادی مقصد خواتین میں بریسٹ کینسر کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا، بروقت اسکریننگ کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور بیماری کی ابتدائی مرحلے میں تشخیص کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

بقیہ 9

مظلوم شبیر سے لاہور سے ویڈیو لنک کے ذریعے براہ راست رابطہ کیا اور ان کی خیریت دریافت کرتے ہوئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ویڈیو کال کے دوران سلیم عمران خان سواتی نے شبیر کی حالت زار دیکھی اور مبینہ پولیس تشدد اور طویل حبس کے معاملے پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے شبیر کو حوصلہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ خود کو تنہا نہ سمجھیں، مشکل کی اس گھڑی میں وہ اور ان کے ساتھی ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ سلیم عمران خان سواتی نے ہسپتال انتظامیہ سے بھی رابطہ کرتے ہوئے شبیر کو بہترین ممکنہ طبی سہولیات اور علاج کی فراہمی پر زور دیا انہوں نے کہا کہ متاثرہ شہری کی دادرسی اور علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں ہونی چاہیے۔ اس موقع پر سلیم عمران خان سواتی نے شبیر سے مالی واخلاقی تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی اور کہا کہ وہ صحت یاب ہوں، ان کے روزگار کے حوالے سے بھی وہ ذاتی طور پر تعاون کریں گے تاکہ وہ باعزت طریقے سے زندگی گزار سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ سیاسی صورتحال کے باعث وہ اس وقت لاہور میں موجود ہیں تاہم حالات بہتر ہوتے ہی مانسہرہ پہنچ کر شبیر سے ذاتی ملاقات کریں گے اور ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔ واضح رہے کہ تھانہ بٹل کی حراست میں نوجوان محمد شبیر پر مبینہ تشدد کے معاملے پر ڈی پی او مانسہرہ اظہر خان کی جانب سے نوٹس لیتے ہوئے ایس ایچ او سمیت متعلقہ اہلکار کو معطل اور واقعے کی شفاف انکوائری کے احکامات جاری کیے جاچکے ہیں۔

بقیہ 10

ملازمین کو مالی مشکلات سے نجات مل سکے۔

بقیہ 11

کالج دوراہا بازار میں ہماری مٹی سے جڑی یادیں اور روایتی رنگ آج بھی زندہ ہیں۔ بازار کی فضا میں ماضی کی جھلک اور موجودہ دور کی گہما گہمی ایک ساتھ نظر آتی ہے، جو اسے مانسہرہ کی ثقافتی پہچان کا خوبصورت حصہ بناتی ہے۔

بقیہ 12

روڈ کی تعمیر کے منصوبے پر ایم پی اے اکرام غازی کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔مقررین نے کہا کہ علاقے کی ترقی، عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات قابل ستائش ہیں۔ کھٹائی بٹل روڈ کی تعمیر سے نہ صرف علاقے کے عوام کو آمدورفت میں سہولت میسر آئے گی بلکہ کاروباری سرگرمیوں اور علاقے کی مجموعی ترقی کو بھی فروغ ملے گا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم پی اے اکرام غازی کے بھائی راشد بابر نے کہا کہ انشااللہ اوگی بٹل کے عوام کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا ہے۔عوامی خدمت کو سیاست کا مقصد سمجھتے ہیں اور بے لوث خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔راشد بابر نے مزید کہا کہ انشااللہ جب کھٹائی بٹل روڈ کا تعمیراتی کام مکمل ہوجائے گا تو ایم پی اے اکرام غازی کی جانب سے یہاں ایک بڑا عوامی پروگرام اور تقریب منعقد کی جائے گی، جس میں علاقے کے عوام کے ساتھ مل کر اس اہم منصوبے کی تکمیل کی خوشی منائی جائے گیشر کا نے کہا کہ کھٹائی بٹل روڈ کی تعمیر علاقے کے عوام کے دیرینہ مطالبے کی تکمیل ہے۔سڑک کی تعمیر سے شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات میں کمی آئے گی اور اوگی و بٹل کے درمیان رابطہ مزید بہتر ہوگا۔مقررین نے اس امید کا اظہار کیا کہ منصوبہ مقررہ معیار کے مطابق جلد مکمل کیا جائے گا اور علاقے کے عوام کو اس کے ثمرات بلا تاخیر حاصل ہوں گے۔تقریب کے اختتام پر ملکی سلامتی، علاقے کی ترقی اور منصوبے کی کامیابی کے لیے دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 13

اور فروخت کا فوری نوٹس لیا جائے اور عوام خصوصا بچوں کی صحت سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف سخت عملی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ شہر اور مضافاتی علاقوں میں مختلف مقامات پر غیر معیاری طریقوں سے تیار کی جانے والی پاپڑ، لیز، چپس اور دیگر کھانے پینے کی اشیا کھلے عام فروخت کی جارہی ہیں، جن کی تیاری میں صفائی ستھرائی کے اصولوں اور حفظان صحت کے تقاضوں کو نظرانداز کیے جانے کی شکایات سامنے آرہی ہیں۔ یہ اشیا بالخصوص بچے شوق سے استعمال کرتے ہیں، جس کے باعث والدین میں بچوں کی صحت کے حوالے سے تشویش پائی جاتی ہے۔ سماجی حلقوں کے مطابق ناقص اور غیر معیاری اشیائے خوردونوش کے استعمال سے بچوں میں معدے کے مسائل سمیت مختلف بیماریوں کے خدشات پیدا ہوسکتے ہیں اس لیے متعلقہ محکمے کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسی اشیا کی تیاری، معیار، اجزا اور فروخت کے مقامات کی باقاعدہ جانچ پڑتال کرے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوڈ سیفٹی حکام شہر اور گردونواح میں خصوصی کریک ڈاؤن کرتے ہوئے دکانوں، مارکیٹوں اور ان مقامات کا معائنہ کریں جہاں ایسی اشیا تیار یا فروخت کی جا رہی ہیں۔ غیر معیاری، مضر صحت یا بغیر مناسب لیبلنگ کے فروخت ہونے والی اشیا کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور عوام کو معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔عوامی وسماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر مانسہرہ اور متعلقہ فوڈ سیفٹی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے موثر نگرانی کا نظام قائم کیا جائے تاکہ بچوں اور شہریوں کو مضر صحت اشیائے خوردونوش سے محفوظ رکھا جاسکے۔

بقیہ 14

اور دیگر متعلقہ شخصیات سے ملاقاتیں بھی کریں گے، جن میں تحریک کے حوالے سے آرا اور تجاویز پر گفتگو متوقع ہے

بقیہ 15

آسانی مستفید ہوسکیں۔جاری اطلاع کے مطابق مالکان اراضی پہلے مقررہ پر فارم مکمل اور درست معلومات کے ساتھ پر کریں، بعد ازاں اپنے متعلقہ پٹواری سے اس کی تصدیق کروائیں۔تصدیق شدہ پر فارم متعلقہ سروس ڈیلیوری سینٹر (SDC) میں جمع کرایا جائے گا۔ضلعی انتظامیہ کے مطابق زمین کے ملکیتی ریکارڈ کو CNIC سے منسلک کرنے کا مقصد ریکارڈ کو جدید ڈیجیٹل نظام سے مربوط کرنا اور شہریوں کو زمین سے متعلق سہولیات تک آسان رسائی فراہم کرنا ہے۔ تمام مالکان اراضی سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ یہ عمل بروقت مکمل کریں تاکہ جدید آن لائن خدمات سے فائدہ اٹھایا جاسکے۔

بقیہ 16

تھانہ میرپور احسن خان نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل اور لیپ ٹاپ چوری میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔پولیس کے مطابق ثنا اللہ ولد ہمایون سکنہ مورکلاں کو گرفتار کرکے ایبٹ آباد پبلک سکول کی دیوار کے ساتھ سے چوری ہونے والی CD70 موٹر سائیکل برآمد کرلی گئی۔ملزم کے خلاف مقدمہ علت نمبر 1491/26، جرم 381-A PPC کے تحت درج کیا گیا۔دوسری کارروائی میں عبدالوہاب ولد عبدالعزیز سکنہ اسلامیہ سٹریٹ سپلائی کو گرفتار کرکے چوری شدہ دو لیپ ٹاپ برآمد کرلیے گئے۔ملزم کے خلاف مقدمہ علت نمبر 1492/26، جرم 380 PPC کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ پولیس کے مطابق دونوں گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے بند سلاسل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 17

لینے کیلئے سروے شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر عزیز اللہ جان نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی ہے کہ متاثرہ مکانات اور بہہ جانے والے مویشیوں کی درست تفصیلات جمع کی جائیں تاکہ متاثرہ خاندانوں کو معاوضے کی ادائیگی یقینی بنائی جاسکے۔اس حوالے سے منعقدہ اجلاس میں محکمہ صحت، ریونیو، ریلیف اور تحصیل انتظامیہ کے افسران نے بارشوں کے دوران ضلع کے مختلف علاقوں میں ہونے والے نقصانات کی رپورٹس پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے سروے ٹیموں کو متاثرہ علاقوں اور دیہات کا دورہ کرنے، متاثرہ خاندانوں سے ملاقات اور نقصانات کا مکمل ریکارڈ مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ سروے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور ٹیمیں فوری طور پر کام شروع کریں۔ دریں اثنا، اپرکوہستان کی ضلعی اسٹیئرنگ کمیٹی نے خواتین میں سروائیکل کینسر سے متعلق آگاہی مہم شروع کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔اس سلسلے میں آگاہی واک اور سیمینار منعقد کیے جائیں گے، اجلاس میں محکمہ صحت اور توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ 18

نجیب اللہ میں سابق رکن قومی اسمبلی سردار محمد مشتاق خان کی رہائش گاہ جاکر سردار محمد مشتاق خان کے بھائی سردار ہارون خان اور فرزند سردار عثمان خان سے ملاقات کی۔رکن قومی اسمبلی بابر نواز خان کے سوشل میڈیا اکانٹ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے اس موقع پر سردار محمد مشتاق خان کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

بقیہ 19

نے سہولت ڈیلیوری سنٹر کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورہ کے دوران انہوں نے سنٹر کے مختلف سروس کاؤنٹرز کا معائنہ کیا اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی مختلف سرکاری سہولیات اور سروسز کے طریقہ کار کا جائزہ لیا۔ دورہ کے دوران انہوں نے مختلف کاؤنٹرز پر موجود عملہ کی حاضری، کارکردگی اور شہریوں کو فراہم کردہ خدمات کا جائزہ لیا گیا۔شہریوں کی جانب سے جمع کروائی جانے والی درخواستوں، دستاویزات کی جانچ پڑتال اور متعلقہ امور کو مقررہ طریقہ کار کے مطابق نمٹانے کے عمل کا بھی مشاہدہ کیا گیا۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر فردا احسان نے متعلقہ عملہ کو ہدایت کی کہ شہریوں کو بروقت، شفاف اور معیاری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور عوام کو غیرضروری انتظار یا دفتری پیچیدگی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے سروس کاؤنٹرز پر موجود عملہ کو شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی، تعاون اور ذمہ داری کے ساتھ پیش آنے کی ہدایت بھی کی۔اس موقع پر سنٹر میں صفائی ستھرائی، نظم وضبط، ریکارڈ کی درستگی، درخواستوں کی بروقت پراسیسنگ اور مجموعی سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ 20

پروگرام کے مطابق 4 اکتوبر کو لکی مروت سے لانگ مارچ شروع کردیا ہے۔ ہفتہ کو تقریبا 13 گھنٹے تک حکومت اور اپوزیشن رہنماں کے درمیان مذاکرات جاری رہے تاہم کسی تحریری معاہدے یا مشترکہ اعلامیے پر اتفاق نہ ہوسکا مذاکرات کے بعد وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت نے سکیورٹی سے متعلق تحریری معاہدے اور 72 گھنٹوں کے اندر عملی منصوبہ پیش کرنے پر اتفاق کیا تھا تاہم آخری مرحلے میں صوبائی حکومت اپنے وعدوں سے پیچھے ہٹ گئی۔ان کے مطابق مذاکرات میں پولیس ایکٹ 2026 پر نظرثانی، دہشت گردوں کو محفوظ ٹھکانے نہ دینے، ٹی ٹی پی، افغان طالبان اور دیگر دہشت گرد گروہوں کی مذمت، افغان مہاجرین سے متعلق قومی پالیسی کی حمایت، عبوری افغان حکومت سے رابطہ نہ رکھنے، انسداد دہشت گردی اور پولیس کے لیے فنڈز، مسلح افواج سے تعاون اور قومی ایکشن پلان پر عملدرآمد سمیت مختلف امور شامل تھے دوسری جانب وزیراعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے اپنا ڈرافٹ جاری کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کے مطالبات میں ایک بھی غیر آئینی یا غیر قانونی نہیں۔ان کے مسودے میں وزیراعظم اور اپوزیشن قیادت کے درمیان ملاقات، مشترکہ سیاسی مذاکراتی کمیٹی کے قیام، بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشری بی بی سمیت قیدیوں کے قانونی، طبی اور انسانی حقوق کے تحفظ، سیاسی قیدی خواتین کی رہائی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے وفاق اور صوبے کے درمیان 72 گھنٹوں میں مشترکہ حکمت عملی طے کرنے کی تجویز شامل تھیوزیراعلی کے مسودے کے مطابق وفاقی حکومت کی یقین دہانیوں پر عملدرآمد کی تحریری ضمانت فراہم کیے جانے کے بعد پی ٹی آئی لانگ مارچ منسوخ کرے گی۔ محسن نقوی نے اس مسودے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ یہ ڈرافٹ آدھی رات کے قریب پہلے سے طے شدہ مسودوں کو ناکام بنانے کی کوشش میں گردش میں لایا گیا، جبکہ مذاکراتی ٹیموں نے الگ ڈرافٹ حتمی شکل دے کر دونوں فریقوں کی رضامندی حاصل کی تھی اور خیبر پختونخوا کے لیے دہشت گردی سے متعلق عملی منصوبہ بھی طے کیا گیا تھاذرائع کے مطابق پی ٹی آئی قیادت نے بانی پی ٹی آئی سے مشاورت کے بغیر حتمی فیصلہ کرنے سے انکار کیا، جس کے باعث فریقین کسی تحریری معاہدے پر متفق نہ ہوسکے اور آئندہ مذاکرات کی تاریخ بھی طے نہیں ہوسکی لانگ مارچ وزیراعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی قیادت میں لکی مروت سے شروع ہوا، جس میں مختلف اضلاع سے کارکن قافلوں کی صورت میں شریک ہورہے ہیں۔ پارٹی کے شیڈول کے مطابق 5 اکتوبر کو قافلہ کرک سے کوہاٹ کی جانب روانہ ہوگا، جبکہ آئندہ مرحلے میں پشاور، چارسدہ اور دیگر اضلاع کے کارکن مارچ میں شامل ہوں گے۔ ہزارہ ڈویژن سے کارکنوں کی شرکت کے لیے بھی پارٹی رہنماں کو ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔

بقیہ 21

مرحوم کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی جبکہ سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

بقیہ 22

سردار ظہور احمد اور سید جنید علی قاسم کی زیر نگرانی آج صبح 10 بجے کاغان فلورمل سے مین ختم نبوت چوک تک نکالی جائے گی تفصیلات کے مطابق صوبہ ہزارہ کے حق میں عظیم الشان ریلی وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سابق ایم پی اے سردار ظہور احمد اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع مانسہرہ سید جنید علی قاسم کی زیر نگرانی آج صبح 10 بجے کاغان فلورمل سے مین ختم نبوت چوک تک نکالی جائے گی صوبہ ہزارہ کی ترقی اور خوشحالی روشن مستقبل کے لیئے صوبہ ہزارہ ایک مطالبہ نہیں عوام کی بنیادی ضرورت اور حق ہے اس حوالے سے پاکستان مسلم لیگ ن کے ضلعی سیکرٹری اطلاعات بابو اشرف نزیر چوہدری نے نمائندہ شمال سے گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ تمام سینئر ورکرز پارٹی عہدیداران کارکنان اور دوست احباب سے بھرپور شرکت کی اپیل کی جاتی ہے آئیں صوبہ ہزارہ کے مطالبے کے حوالے سے اپنی آواز ریکارڈ کرائیں۔

بقیہ 23

کی جانب سے شدید تحفظات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔خیبر پختونخوا کے عوام کا کہنا ہے کہ صوبے میں دہشتگردی کے خاتمے، امن وامان کی بحالی اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر وفاق کے ساتھ تعاون ضروری ہے۔لنڈی کوتل عوام کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کی طویل صوبائی حکمرانی کے دوران صوبے میں بدحالی، بے روزگاری اور لاقانونیت کے مسائل پر موثر توجہ نہیں دی گئی۔ان کا کہنا ہے کہ نوجوانوں کو روزگار اور بہتر مواقع فراہم نہ کیے جائیں تو وہ منشیات، بھتہ خوری اور دیگر جرائم کی طرف جانے کے خطرے سے دوچار رہتے ہیں۔خیبر پختونخوا کے عوام نے مطالبہ کیا کہ صوبائی حکومت سیاسی محاذ آرائی کے بجائے وفاقی حکومت کے ساتھ بیٹھ کر دہشتگردی کے خاتمے کے لیے مشترکہ حکمت عملی بنائے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔دوسری جانب حالیہ مذاکرات میں بھی انسداد دہشتگردی کے معاملے پر اختلافات سامنے آئے۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے مطابق خیبر پختونخوا حکومت نے مذاکرات کے آخری مرحلے میں انسداد دہشتگردی سے متعلق طے شدہ وعدوں سے دستبرداری اختیار کی۔ان کے مطابق معاہدے میں دہشتگردوں کو صوبے میں محفوظ ٹھکانے فراہم نہ کرنے، ٹی ٹی پی، ٹی ٹی اے اور دیگر دہشتگرد گروہوں کی مذمت، نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد، انسداد دہشتگردی کے لیے فنڈز اور مسلح افواج کے ساتھ تعاون بڑھانے سمیت مختلف نکات شامل تھے۔خیبر پختونخوا عوام کا کہنا ہے کہ صوبہ پہلے ہی دہشتگردی کے سنگین چیلنج سے دوچار ہے، ایسے میں سیکیورٹی معاملات کو سیاسی اختلافات کی نذر نہیں ہونا چاہیے۔ان کے مطابق وزیراعلی خیبر پختونخوا کی اولین ترجیح صوبے میں امن، عوام کا تحفظ اور ترقی ہونی چاہیے۔صوبے سمیت بھرسوات اور شمالی علاقوں میں ٹمبر مافیا کی مبینہ سرگرمیوں اور غیر قانونی کٹائی کے الزامات پر شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ قیمتی جنگلات کے تحفظ کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں اور اگر کسی سیاسی یا حکومتی شخصیت کی سرپرستی کے شواہد سامنے آئیں تو ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔خیبر پختونخوا کے عوام کا کہنا ہے کہ دہشتگردی، لاقانونیت، بے روزگاری اور قدرتی وسائل کے تحفظ جیسے مسائل فوری توجہ چاہتے ہیں، اس لیے سیاسی کشمکش کے بجائے صوبے کے امن، معیشت اور عوامی مفاد کو ترجیح دی جانی چاہیے

بقیہ 24

بعد ملزمان نے عدالت سے عبوری ضمانتیں حاصل کرلی تھیں، تاہم ضمانتیں کینسل ہونے پر تھانہ بفہ پولیس نے تینوں ملزمان کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان میں میاں آباد بفہ کے رہائشی عدنان، اجمان ولد فضل چن اور احمد علی ولد عدنان شامل ہیں۔

بقیہ 25

حکام نے عوامی تعاون کو جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے اہم قرار دیا۔

بقیہ 26

سماجی وفلاحی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔

بقیہ 27

ملک بھر سے جید مقررین نے خطاب کیا کانفرنس میں سابق ممبر صوبائی اسمبلی سردار اورنگزیب نلوٹھہ، چیئرمین تحریک صوبہ ہزارہ سردار گوہر زمان، سابق بلدیاتی نمائندوں ابرار خان، شہریار نعیم میاں عبدالرازق، عبدالرازق گجر جاوید خان سردار جان شیر حویلیاں پریس کلب کے عہدیداروں عبدالحمید تنولی حاجی قادر بخش، ملک گلنواز عمائدین علاقہ عمائدین شہر نے خصوصی شرکت کی۔کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی جمعیت اہل حدیث کے سربراہ سینٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم کا کہنا تھا کہ عقیدہ ختم نبوت کے ساتھ ساتھ دفاع صحابہ وناموس اہل بیت مسلمانوں کا بنیادی عقیدہ ہے اور اس پر کسی قسم کی مداہنت قبول نہیں کی جائے گی۔ ہماری جماعت کے لاکھوں کارکنان حرمین کے تحفظ کے لئے ہر دم تیار ہیں۔کانفرنس کی صدارت ممتاز عالم دین اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ہزارہ ریجن کے امیر مولانا محمد سلیمان نے کی،مولانا نے کارکنان جماعت کے ساتھ ٹی ایم اے حویلیاں ،تھانہ سٹی تھانہ ریلوے اور ضلعی انتظامیہ کا بھی شکریہ ادا کیا۔کانفرنس کے بعد جاری متفقہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں اور آپ کے بعد نبوت کا دروازہ بند ہو چکا ہے۔عقیدہ ختم نبوت اسلام کی بنیاد ہے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔اعلامیہ میں مزید کہا گیا کہ صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار ہمارے سروں کے تاج ہیں۔ان کی شان میں گستاخی کرنے والوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔ صحابہ و اہل بیت دونوں سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔کانفرنس سے مرکزی ناظم اعلی علامہ عبدالرشید حجازی، مرکزی نائب امیر علی محمد ابوتراب، سبطین شاہ نقوی، عبدالرزاق ساجد، رانا شفیق خان پسروری اور الیاس مدنی نے بھی خطابات فرمائے علمانے کہا کہ حرمین شریفین تمام مسلمانوں کا دل ہیں اور ان کا تحفظ ہمارا ایمانی فریضہ ہے۔ حرمین کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔

بقیہ 28

قدیم اشیا کا مجموعہ نہیں بلکہ ایبٹ آباد کے ماضی سے جڑنے کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ شہر کے رہائشیوں خصوصا نوجوان نسل کے لیے یہاں محفوظ تاریخی و ثقافتی ورثہ اپنے ماضی کو قریب سے جاننے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

بقیہ 29

کے خاتمے کے اقدامات عمل میں لائے اور انکا فوری خاتمہ کیا جائے بصورت دیگر طاعون کی بیماری پھیلنے کا خدشہ ہے۔ شہریوں کا مزید کہنا تھا کہ ہری پور شہر و ملحقہ علاقوں میں آوارہ کتوں کی تعداد بھی غیر معمولی طور پر بڑھ چکی ہے جو لمحہ فکریہ ہے ۔ آوارہ کتوں اور چوہوں کی موجودگی کی وجوہات صفائی کے ناقص اقدامات ہیں .واضح رہے کہ ہری پور و مضافاتی مقامات پر بڑے بڑے چوہے موجود ہیں جو مرد و خواتین اور بچوں کو کاٹ کھانے کو دوڑتے ہیں۔ جبکہ آوارہ کتوں کی وجہ سے شہریوں کے لیئے روزہ مرہ امور کے لیئے آنا جانا مشکل امر بنتا جارہا ہے

بقیہ 30

ہوتا جا رہا ہے۔ٹیکسی اڈوں میں گنجائش کم ہونے کے باعث شہر کے مختلف مقامات اور سڑکوں کے کناروں پر غیر قانونی ٹیکسی اسٹینڈز قائم ہونے سے نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہورہی ہے بلکہ پیدل چلنے والے شہریوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے۔شہریوں کے مطابق سڑکوں کے اطراف گاڑیوں اور ٹیکسیوں کے بے ترتیب کھڑے ہونے، ریڑھی بانوں اور دیگر تجاوزات کے باعث کئی مقامات پر ٹریفک جام معمول بن چکا ہے۔ خصوصا مصروف اوقات میں صورتحال مزید خراب ہو جاتی ہے، جس سے طلبہ، خواتین، بزرگوں اور عام شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات پیش آتی ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹریفک پولیس اہلکار موجود ہونے کے باوجود عملی طور پر اس مسئلے پر قابو پانے میں بے بس دکھائی دیتے ہیں، جبکہ تحصیل بفہ پکھل انتظامیہ کی جانب سے بھی اس دیرینہ مسئلے کے مستقل حل کے لیے موثر اقدامات نظر نہیں آرہے۔عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ غیر قانونی ٹیکسی اسٹینڈز کے خاتمے، ٹیکسی اڈوں میں مناسب گنجائش پیدا کرنے، تجاوزات ہٹانے اور ٹریفک کی روانی بحال کرنے کے لیے فوری اور مستقل منصوبہ بنایا جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر وی آئی پی آمدورفت کے موقع پر چند منٹوں میں سڑکیں صاف کر کے ٹریفک رواں کی جاسکتی ہے تو عام دنوں میں بھی موثر ٹریفک مینجمنٹ کوئی ناممکن کام نہیں۔شہریوں نے ضلعی انتظامیہ، تحصیل بفہ پکھل انتظامیہ اور ٹریفک پولیس کے اعلی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شنکیاری کے ٹریفک مسائل کا فوری نوٹس لے کر عملی اقدامات کیے جائیں، تاکہ عوام کو روزمرہ کی اذیت سے نجات مل سکے۔عوامی سوال بدستور اپنی جگہ موجود ہے کہ آخر شنکیاری کے اس دیرینہ ٹریفک مسئلے کا مداوا کون کرے گا؟

بقیہ 31

نے کثیر تعداد میں شرکت کی دعوت ولیمہ کا اہتمام حویلیاں میں ایک نجی حال میں کیا گیا تھا جہاں پر مہمانوں نے انہیں زندگی کا نیا سفر شروع کرنے پر مبارکبادی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا جمال خان جدون کا تعلق حویلیاں سے ہے جن کی شمار نوجوان رہنماں میں ہوتا ہے

بقیہ 32

فراہم کیے جارہے ہیں تاہم کپڑے کے بیگز کی قیمت زیادہ ہونے کے باعث شاپنگ مال انتظامیہ کو یہ بیگز صارفین کو قیمتا فراہم کرنا پڑرہے ہیں تفصیلات کے مطابق پلاسٹک بیگز پر پابندی کے باعث بڑے شاپنگ مالز نے ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے صارفین کو خریداری کا سامان پلاسٹک شاپنگ بیگ کے بجائے کپڑے کے بیگز میں فراہم کرنے کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے شاپنگ مال انتظامیہ کے مطابق ایک بڑے کپڑے کے بیگ کی لاگت تقریبا 17 روپے تک آتی ہے جس کے باعث ہر صارف کو مفت بیگ فراہم کرنا انتظامیہ کے لیے اضافی مالی بوجھ کا باعث بنتا ہے۔شاپنگ مال انتظامیہ کا کہنا ہے کہ وہ پلاسٹک بیگز کے استعمال سے متعلق ضلعی انتظامیہ کے احکامات کی مکمل پاسداری کر رہے ہیں اور ماحول دوست متبادل کے طور پر کپڑے کے بیگز استعمال کیے جارہے ہیں تاہم ان بیگز کی لاگت زیادہ ہونے کی وجہ سے ان کی قیمت صارفین سے وصول کرنا مجبوری بن چکا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ پلاسٹک بیگز کے خاتمے کے لیے متبادل بیگز کی فراہمی ضروری ہے تاہم عام صارف کو اضافی مالی بوجھ سے بچانے کے لیے انتظامیہ اور ضلعی حکام کو اس مسئلے کا قابل عمل حل تلاش کرنا چاہیے شاپنگ مال انتظامیہ اور شہری حلقوں نے ڈپٹی کمشنر مانسہرہ اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ شاپنگ مالز کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے معیاری اور کم قیمت کپڑے کے بیگز کی فراہمی کے لیے کوئی موثر طریقہ کار وضع کیا جائے، تاکہ پلاسٹک بیگز پر پابندی کے فیصلے پر موثر عمل درآمد بھی جاری رہے اور صارفین کو بھی مناسب قیمت پر شاپنگ بیگ دستیاب ہوسکیں۔ شہریوں نے امید ظاہر کی ہے کہ ضلعی انتظامیہ شاپنگ مال انتظامیہ کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے کپڑے کے بیگز کی لاگت کم کرنے کے لیے اقدامات کرے گی جس سے ماحول کے تحفظ کے ساتھ ساتھ صارفین اور کاروباری اداروں دونوں کو سہولت حاصل ہوگی۔

بقیہ 33

یوسف ایوب خان، فیصل خان ترک اور اعظم خان ترین نے سابق ممبر ضلع کونسل سید تیمور حیدر شاہ کے چچازاد بھائیوں سید حیدر زمان شاہ اور سید عباس حیدر شاہ کی دعوت ولیمہ میں شرکت کی۔اس موقع پر پی ٹی آئی رہنماں نے نومنتخب جوڑوں اور اہل خانہ کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 34

ہر ملک میں یہی دستور وقانون ہے مگر پاکستان کی منطق سمجھ سے باہر ہے ہریپور سمیت ہزارہ اور کے پی کے کی تمام جیلوں سے ان افغانیوں کو فوری افغانستان بھیجا جائے جو بوجھ ہیں تاہم ملکی سالمیت کو داو پر لگانے والوں کو سخت سزائیں دینا بھی حکومت کا حصہ ہے ان خیالات کا اظہار ہریپور کے شہریوں نے کیا جنکا کہنا ہے کہ پاکستان نے ان افغانیوں کی کم از کم 45 سال مہمان نوازی کی ہے جنہوں نے بدلہ میں ہمیں اسلحہ ،منشیات تحفہ میں دی شہریوں کا کہنا ہے کہ جیلوں میں 337/4،3/4 ، بلڈنگ رینٹ ایکٹ سمیت دیگر معمولی نوعیت کے کیسوں میں اگر کوئی افغان مہاجر جیل میں قید ہے تو انہیں فوری اپنے وطن واپس بھیجا جائے کیونکہ صوبہ کی اکثر جیلوں میں مزید قیدیوں کی گنجائش بھی نہیں ہے اور یہی افغانی ہمارے ضلع میں کرائم کرنے میں پیش پیش تھے

بقیہ 35

سروے کے دوران مقامی شہریوں اور ریلوے سے وابستہ افراد نے بتایا کہ حویلیاں ریلوے اسٹیشن کی تاریخی عمارت، پرانے ریلوے انفراسٹرکچر اور اردگرد کا قدرتی ماحول اس مقام کو دیگر ریلوے اسٹیشنز سے منفرد بناتا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر تاریخی عمارتوں کی مرمت و بحالی، صفائی، روشنی، بیٹھنے کی جگہوں، معلوماتی بورڈز اور بنیادی سیاحتی سہولیات کا انتظام کیا جائے تو حویلیاں کو باقاعدہ تاریخی و سیاحتی مقام کے طور پر متعارف کرایا جا سکتا ہے۔سروے میں یہ بات بھی سامنے آئی کہ ہزارہ آنے والے سیاح عموما نتھیاگلی، ایوبیہ، ناران اور دیگر معروف مقامات کا رخ کرتے ہیں، جبکہ حویلیاں کے تاریخی ریلوے ورثے کو سیاحتی نقشے پر نمایاں نہیں کیا گیا۔مقامی افراد کے مطابق مناسب تشہیر اور ضلعی انتظامیہ، محکمہ سیاحت و ریلوے کے مشترکہ منصوبے سے اس مقام کو مقامی معیشت کیلئے بھی فائدہ مند بنایا جاسکتا ہے۔ماہرین سیاحت کے مطابق تاریخی مقامات کی بحالی محض عمارتوں کی مرمت تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ ان کے تاریخی پس منظر کو محفوظ کرتے ہوئے عوام کیلئے قابل رسائی بنایا جانا چاہیے۔ حویلیاں ریلوے اسٹیشن پر ریلوے تاریخ سے متعلق معلوماتی گیلری، قدیم سامان کی نمائش، واک وے، فوٹو پوائنٹس اور رہنمائی مراکز قائم کیے جائیں تو یہاں سیاحوں کی دلچسپی بڑھ سکتی ہے۔مقامی شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ حویلیاں ریلوے اسٹیشن کی تاریخی حیثیت کا باقاعدہ جائزہ لے کر اس کے تحفظ اور بحالی کیلئے جامع منصوبہ تیار کیا جائے۔ان کا کہنا ہے کہ ہزارہ کا تاریخی اور قدرتی ورثہ آنے والی نسلوں کیلئے محفوظ بنانا حکومت، ریلوے اور متعلقہ اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔حویلیاں کا ریلوے اسٹیشن محض ریل کی پٹری اور ایک پرانی عمارت نہیں، بلکہ ہزارہ کی تاریخ، قدرت اور سفر کی ایک زندہ علامت ہے؛ ضرورت اس امر کی ہے کہ اسے نظرانداز کرنے کے بجائے محفوظ کرکے سیاحت کے فروغ کا ذریعہ بنایا جائے۔

بقیہ 36

تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر اتحاد ہماری طاقت ہے اور نئی قیادت بازار کے مسائل، تجارتی سہولیات، صفائی کے نظام اور تاجروں کے دیرینہ مطالبات کے حل کیلئے مؤثر اقدامات کرے گی۔انہوں نے کہا کہ تاجر خدمت گروپ کی کامیابی اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ تاجر برادری نے نئی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے نومنتخب عہدیداران کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 37

ہونے اور ٹریفک کی روانی میں خلل کے حوالے سے انتظامیہ کو آگاہ کیا گیا۔انتظامیہ کو یاد دہانی کرائی گئی کہ پہلے سے طے شدہ معاہدے کے مطابق گاڑیاں اپنے مقررہ وقت پر ہی اڈے میں لگائی جائیں گی اور مقررہ وقت سے پہلے کسی بھی گاڑی کو اڈے میں کھڑا نہیں کیا جائے گا۔لاری اڈہ انتظامیہ کی جانب سے یقین دہانی کرائی گئی کہ آئندہ اس حوالے سے کسی قسم کی شکایت کا موقع نہیں دیا جائے گا اور طے شدہ معاہدے واوقات کار پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 38

ٹکریں کھا رہے ہیں جبکہ اسی غریب اور مقروض ملک کے چند خاندان اقتدار پر قابض ہوکر اپنے خاندان اور نسلوں کو چار چاند لگا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی حکمرانوں کی حب الوطنی اور قومی محبت کے جذبے کو اجاگر کرنے کے لیئے ایران جیسے ملک کی مثال ہی کافی ہے جو کہ پچھلی کئی دہائیوں سے عالمی پابندیوں کے ساتھ دنیا کی طاقت ور ایٹمی قوتوں کی طرف سے مسلط کردہ جنگ کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنے قدرتی وسائل کے استعمال اور سادگی پر چل کر اپنے عوام کو ریلیف فراہم کرکے ان کا اعتماد حاصل کیئے ہوئے ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارے حکمرانوں کے لیئے پاکستان جیسے بہترین محلے وقوع والے ملک کو قرض کی لعنت اور اس کے عوام کو غربت میں پھینک دینا ایک کھلا سوال ہے۔

بقیہ 39

محکمہ مال میں انہوں نے اپنے فرائض جیسے فرض شناسی اور دیانتداری سے سرانجام دیئے ہیں قابل تحسین ہیں اور اب بھی ان سے یہ امید ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری بڑھنے پر پہلے سے بھی بڑھ کر اپنے فرائض دیانتداری سے سرانجام دیں گے ان کی ترقی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جیسے انہوں نے اپنے فرائض بطور تحصیلدار بھی انہوں نے کام کیا ہے

بقیہ 40

الناس اور عزیز واقارب نے شرکت کی ھر آنکھ اشکبار تھی نماز جنازہ میں رقت آمیز مناظر دیکھنے کو ملے کفایت اللہ خان سابقہ صوبائی امیدوار پی کے 32 کی طرف سے تعزیت کا اظہار کیا مرحوم کے ایصال ثواب اور بلند درجات کے لیے دعا کی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 41

سب سے بڑا سبب حرام مال ہے۔حلال کے نام پر حرام ذرائع استعمال کیے جا رہے ہیں۔آج ہمارے اندر سود اس حد تک دھنس چکا ہے کہ ہمارے لباس کی ایک ایک تند سود سے بنے دھاگے سے تیار کی گئی ہے۔امیر عبدالقدیر اعوان مدظلہ العالی شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ وسربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا دوروزہ ماہانہ روحانی اجتماع کے موقع پر خطاب۔انہوں نے کہا کہ اللہ کریم ایسے غفور الرحیم ہیں کہ کوئی غلطی کا ارادہ کرتا ہے لیکن غلطی نہیں کرتا اسے رد کردیتا ہے کہ یہ غلط کام ہے اللہ اتنے کریم ہیں کہ اس پر بھی اجر اور ثواب عطا فرماتے ہیں۔جب سوچوں تک میں پاکیزگی داخل ہوجائے گی پھر بندہ سمجھتا ہے کہ اس نظم کا کوئی مالک ہے جو کچھ میرے پاس ہے اس کا دیا ہوا ہے۔ملکیت اس کی ہے میرے پاس تو امانت ہے یہی میرا امتحان ہے میں نے اس امانت میں خیانت نہیں کرنی۔انہوں نے مزید کہا کہ انسان جب اللہ کریم کی تخلیق کو دیکھتا ہے تو عرض کرتا ہے کہ میرے اللہ اس سب کو تو نے بے فائدہ نہیں بنایا۔ہم اپنی مرضی کے نفاذ کے لے پورا زور لگا دیتے ہیں کہ جیسے میں چاہتا ہوں ویسا ہو۔کسی شئے کو عین اس کے مقام سے ہٹا دینا ظلم ہے اور کسی شئے کا عین اس کے مقام پر ہونا اسے عدل کہتے ہیں۔عقل مندی یہ ہے کہ اپنی کوشش اور سعی کرنے کے بعد معاملہ اللہ کے سپرد کردیا جائے۔اپنے معمولات میں نفلی عبادات کو شامل کریں اور اپنے اہل وعیال کو نماز پنجگانہ کا پابند بنائیں۔ یادر ہے کہ حضرت جی مدظلہ العالی کینیڈا اور امریکہ سالانہ روحانی تربیتی دورے پر چھ ہفتے کے لیے تشریف لے جا رہے ہیں جہاں مختلف شہروں میں پروگرامز کے شیڈول طے ہیں اس کے علاوہ مختلف کمیونٹیز سے بھی ملاقاتیں ہوں گے۔

بقیہ 42

کے علاوہ رات کے اوقات میں چند مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق موجودہ صورتحال کے پیش نظر ملک کے بیشتر حصوں پر براعظمی ہوائیں موجود ہیں۔مغربی ہواؤں کا ایک کمزور سلسلہ کل (شام/رات) سے ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہونے کا امکان ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک جبکہ میدانی علاقوں میں گرم رہا۔اتوار کو ریکارڈ کئے گئے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت : سبی اور شہید بینظیر آباد میں 42 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 43

کے علاوہ معززین علاقہ اور مدرسہ کے طلبا اور ان کے والدین شریک تھے۔نجی شادی ہال میں منعقدہ روحانی تقریب میں طلبا اور نعت خواں حضرات نے مدح سرائی کرکے حاضرین کے دل موہ لئے۔اس موقع پر مولانا عامر محمود نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن کریم صرف پڑھنے کی کتاب نہیں بلکہ مکمل دستور حیات ہے۔اس کو سیکھنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ ہر آدمی کے لئے عالم بننا ضروری نہیں بلکہ ہر شخص کو دین دار ہونا چاہیئے۔مقررین کا کہنا تھا قرآن کریم کو پڑھ کر اپنی زندگی میں نافذ کریں۔انہوں نے کہا کہ دین سادگی سکھاتا ہے معاشرے میں دنیاوی معاملات میں بہت اخراجات کئے جاتے ہیں اگر قرآن کریم کی عظمت کے لیے ایسی تقریبات ہوں تو یقیناً ایسا جذبہ پیدا ہوتا ہے جس کے اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔تاہم فضولیات لغویات میں الجھنے سے بچنا چاہیئے۔مقررین کا کہنا تھا قرآن کریم کے سائے میں زندگی گزاریں اپنی زندگی کے شب و روز کا موازنہ کریں اپنی صورت اور سیرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تابع ہونی چاہیئے۔انہوں نے طالب علم حسیب ہاشمی اور ان کے والد قاسم ہاشمی کو مبارکباد پیش کی اور شرکا نے بھی ننھے طالب علم کو تحائف بھی دیئے۔

بقیہ 44

سے دیکھا جاتا ہے اور ان کی قربانی وخدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ 45

خدمات کا اعتراف ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے ایبٹ آباد بورڈ میں تحقیق وترقی کے شعبے کو مزید مؤثر بنانے میں کردار ادا کریں گے۔تعلیمی حلقوں نے پروفیسر راجہ گل فراز اشرف کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی انہیں نئی ذمہ داریوں میں کامیابی عطا فرمائے

بقیہ 46

آگ لگنے کے واقعات، 2 جرائم یا لڑائی جھگڑے، 1 ڈوبنے اور 19 متفرق قسم کے واقعات میں مریضوں اور زخمیوں کو مختلف ہسپتالوں میں منتقل کیا۔مختلف قسم کے واقعات میں مجموعی طور پر 301 افراد متاثر ہوئے جن میں سے 10 افراد انتقال کر گئے۔ہسپتال منتقلی سروس کے تحت 100 ایمرجنسی حالات میں خدمات سرانجام دیں جن میں سے 48 ضلع کے اندر اور 52 ضلع سے باہر منتقلی کی ایمرجنسیاں شامل ہیں۔عوام ایمرجنسی کے دوران ریسکیو 1122 کا ساتھ دیں، جعلی اور غیر ضروری کالز سے پرہیز کریں۔

بقیہ 47

لوگوں سے پاک رکھنا ضروری ہے کیونکہ ٹاؤٹ قسم کے لوگ پولیس اور معاشرہ کے لئے ناسور ہوتے ہیں ٹاؤٹ قسم کے لوگوں کی وجہ سے مظلوم دادرسی سے محروم رہتے ہیں ایسے لوگوں سے تھانہ جات کو پاک رکھنا ضروری ہے کسی بھی علاقہ کا امن امان اس وقت تباہ ہوتا ہے جب تھانہ جات میں ٹاؤٹوں کو ایسے کامل دخل رہتا ہے تھانہ پھلڑہ اور لساں نواب کو ایسے لوگوں سے پاک رکھنے پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ نے مزید کہا کہ اسی طرح آئندہ بھی ٹاؤٹ قسم کے لوگوں کو تھانہ جات سے دور رکھا جائے ایسے لوگ پولیس اور معاشرہ کے لئے ناسور ہوتے ہیں

بقیہ 48

کی خدمات اور اعلی صلاحیتوں کا اعتراف ہے جس پر ہم وائس آف بفہ ویلفیئر فاؤنڈیشن کے بانی بابو انور خان۔صدر محمد اشفاق خان بجنہ۔محمد عثمان خان۔قاسم حسن سواتی اور دیگر ایگزیکٹو باڈی کے ممبران کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انشاء اللہ منور خان فوکل پرسن کی نئی ذمہ داری اور مزید لگن کے ساتھ پہلے سے زیادہ متحرک ہوکر اس عہدے پر اپنے انتخاب کے فیصلے کو درست ثابت کرکے دکھائیں گے۔

بقیہ 49

سکول پھلڑہ محمد اسلم تنولی نے آج بروز سوموار پانچ اکتوبر کو والدین ٹیچر کونسل پھلڑہ بلالیا آج کے اجلاس میں پی ٹی سی فنڈز کے استعمال اور اسی طرح سکول میں تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ والدین کو اپنے بچوں کی تعلیم بہتر بنانے کے لئے خود دلچسپی لینے اور چیک اینڈ بیلنس رکھنے کے لئے قائل کرنے پر مشاورت ہوگی والدین اساتذہ کونسل کا اجلاس پی ٹی سی چیئرمین راجہ طارق اور پرنسپل ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ محمد اسلم تنولی نے طلب کیا ہے

بقیہ 50

ٹی سی اراکین اور سپورٹنگ سٹاف کو مبارکباد پیش کی۔انہوں نے طلبہ کو تلقین کی کہ دنیا میں کوئی بچہ ایسا نہیں جو کسی منفرد صلاحیت کے بغیر پیدا ہوا ہو، اس لیے ہر بچے کو یہ یقین رکھنا چاہیے کہ "ہر بچہ کر سکتا ہے"۔اس موقع پر اے ڈی او پلاننگ حافظ خرم ندیم بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 51

جمہوری اور آئینی جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ہزارہ کے عوام کی آواز کو قومی سطح پر اجاگر کرنے کیلئے تمام متعلقہ سیاسی قوتوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کے قیام کیلئے ماضی کی طرح پارلیمنٹ کے اندر اور باہر جدوجہد کی گئی، اب اس مطالبے کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 52

سلسلے میں اہم میٹنگ منعقد ہوئی۔اجلاس میں لانگ مارچ کی تیاریوں اور حکمت عملی پر مفصل مشاورت کی گئی اور فیصلہ کیا گیا کہ انصاف لیبر ونگ ہزارہ ریجن کا قافلہ مکمل تیاری اور بھرپور عوامی طاقت کے ساتھ اسلام آباد کے لیے روانہ ہوگا۔اجلاس میں شریک رہنما و عہدیداران بابو جاوید اقبال سرپرست اعلی انصاف لیبر ونگ۔سردار شفاقت کڑلال صدر انصاف لیبر ونگ تحصیل حویلیاں۔خانویز خان جدون جنرل سیکرٹری لیبر ونگ تحصیل حویلیاں جاوید اختر نائب صدر تحصیل حویلیاں۔سردار فخر الزمان) رہنما لیبر ونگ۔سردار تیمور جاوید) نائب صدر لیبر ونگ تحصیل حویلیاں۔سردار عمران میانداد انفارمیشن سیکرٹری انصاف لیبر ونگ تحصیل حویلیاں سردار عنایت الرحمن نومنتخب صدر انصاف لیبر ونگ یوسی ناڑہ۔سردار انصار جنرل سیکرٹری انصاف لیبر ونگ یوسی ناڑہ کی نومنتخب ٹیم کے دیگر اراکین شامل تھے

بقیہ 53

خلاف کارروائیوں کے حوالہ سے صوبائی حکومت کا رویہ اور کردار عوام اور صوبہ دشمنی کے مترادف تھا اور مسائل کے حل پر اتفاق کے بعد صوبائی حکومت نے ہٹ دھرمی اور غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے یوٹرن کی روش کو دہرایا .ملاقات میں وزیر اعلی خیبر پختونخوا اور صوبائی وزرا کے لانگ مارچ میں ہیلی کاپٹر اور دیگر سرکاری وسائل کے استعمال کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلوں کی کھلم کھلا خلاف ورزی قرار دیا گیا۔ملاقات میں باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور متعدد امور پر مشاورت کی گئی

بقیہ 54

کی براہ راست نگرانی میں دونوں مقدمات کی تفتیش میرٹ، شفافیت اور قانون کے مطابق یقینی بنائی جارہی ہے۔ڈی پی او قمر حیات خان (PSP) نے واضح کیا کہ منشیات فروشی اور بچوں سے زیادتی جیسے سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 55

فراہم کرنا تھا۔ملک بھر سے بہترین کھلاڑیوں کا انتخاب کرکے ان کی ٹیمیں تشکیل دی گئیں اور کھلاڑیوں کو اپنی کارکردگی دکھانے کا موقع فراہم کیا گیا جس میں سندھ، پنجاب، آزاد کشمیر، اسلام آباد، گلگت، کے پی کے اور بلوچستان سے 7 ٹیموں کے 100 سے زائد کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔میڈلز کی بنیاد پر کے پی کے نے 15 سونے اور 7 چاندی کے تمغوں کے ساتھ اس ایونٹ اپنے نام کیا جبکہ سندھ 6 سونے اور 5 چاندی کے تمغوں کے ساتھ دوسرے اور پنجاب 4 سونے اور 3 چاندی کے تمغوں کے ساتھ تیسری پوزیشن پر رہا۔اس موقع پر آرگنائزر طاہر نقاش جدون اور خالد خان نے ایونٹ کی کامیابی پر ہزارہ موئے تھائی ایسوسی ایشن کی طرف سے پاکستان موئے تھائی فیڈریشن، دی مسلم ایجوکیشن سسٹم ایبٹ آباد، کمشنر ہزارہ، ریجنل سپورٹس آفس ایبٹ آباد، گلیات ڈویلپمنٹ اتھارٹی سینئر صحافی طاہر محمود، میڈیا کے نمائندوں، رومیش سلیم، سردار ارسلان ظفر ایڈووکیٹ، سردار زری تبسم حبیب، حنا خان ایڈووکیٹ، سیدہ عائشہ، وقار افتخار عباسی، ضلعی سپورٹس تنظیموں کے عہدیداران، تمام کھلاڑیوں، ٹیم آفیشلز کا ایونٹ کی بھرپور کامیابی کے لیے ساتھ دینے پر دلی شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆

شیخ امیر عبدالقدیر اعوان عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

شنکیاری بے ہنگم ٹریفک غیر قانونی ٹیکسی اسٹینڈز کی بھرمار

ٹریفک پولیس بے بس، انتظامیہ کی خاموشی پر سوالات شنکیاری شہر میں ٹریفک کا نظام دن بدن گھمبیر ہوتا جا رہا ہے

شنکیاری (چیف رپورٹر) شنکیاری میں بے ہنگم ٹریفک، غیر قانونی ٹیکسی اسٹینڈز کی بھرمار اڈوں میں جگہ کی کمی، سڑکیں اور بازار متاثر؛ ٹریفک پولیس بے بس، انتظامیہ کی خاموشی پر سوالات شنکیاری شہر میں ٹریفک کا نظام دن بدن گھمبیر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

جمال خان جدون کی دعوت ولیمہ سیاسی اجتماع میں تبدیل

حویلیاں (شمال نیوز) پارٹی رہنماؤں کارکنوں کے ساتھ ساتھ سیاسی اور سماجی شخصیات علما کرام صحافی برادری اور سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے لوگوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

ہری پور' چوہوں اور آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری پریشان

صفائی کے ناقص انتظامات سے چوہوں کی افزائش، آوارہ کتوں کی تعداد بڑھ گئی

ہری پور (کرائم رپورٹر) شہر بھر سمیت کھلابٹ و دیگر نواحی علاقوں میں چوہوں کی افزائش نسل تیزی سے بڑھ گئی، متعلقہ اداروں کی جانب سے عدم دلچسپی، طاعون پھیلنے کا خدشہ ہے۔ روزنامہ شمال کی خصوصی رپورٹنگ ٹیم کے ہمراہ محمد آصف اعوان سے گفتگو کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ اور واسا فوری طور پر چوہوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

فرسٹ پاکستان رائزنگ اسٹار موئے تھائی چیمپیئن شپ ایبٹ آباد

ملکنڈی نیشنل پارک میں کھلی کچہری، عوامی مسائل سنے گئے

ایس ڈی ایف او کا فیلڈ اسٹاف کے ہمراہ دورہ، جنگلی حیات کے تحفظ سے متعلق امور پر بھی غور

مانسہرہ (نمائندہ شمال) ڈی ایف او وائلڈ لائف مانسہرہ نجیب اللہ بنگش کی ہدایات پر ایس ڈی ایف او وائلڈ لائف کاغان سب ڈویژن نے فیلڈ اسٹاف کے ہمراہ ملکنڈی نیشنل پارک کا دورہ کیا اور وہاں منعقدہ کھلی کچہری میں شرکت کی۔ اس موقع پر مقامی افراد کے مسائل سنے گئے اور جنگلی حیات کے تحفظ سے متعلق امور پر تفصیلی توجہ مرکوز کی گئی۔ کھلی کچہری میں عوامی مسائل کے ازالے، جنگلی حیات کے تحفظ اور نیشنل پارک کے انتظامی معاملات سے متعلق مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ وائلڈ لائف (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

SEA کے محمد علی طارق بلڈ ہیرو ایوارڈ کیلئے نامزد

ہزارہ یونیورسٹی سے BBA، دورانِ تعلیم رضا کارانہ خدمات سرانجام دی ہیں

مانسہرہ (نمائندہ خصوصی) اسٹوڈنٹ ایمپاورمنٹ الائنس (SEA) کے HRM محمد علی طارق کو انسانی خدمت، رضا کارانہ سرگرمیوں اور خون کے عطیات کے حوالے سے خدمات کے اعتراف میں بلڈ ہیرو ایوارڈ کیلئے نامزد کر دیا گیا۔ محمد علی طارق نے ہزارہ یونیورسٹی مانسہرہ سے BBA کی ڈگری حاصل کی۔ یونیورسٹی لائف کے دوران انہوں نے متعلقہ تنظیم کے ساتھ بطور رضا کار خدمات انجام دیں اور مختلف (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

عقیدہ ختم نبوت پر کوئی سمجھوتہ نہیں' گستاخی برداشت نہیں

ہماری جماعت کے لاکھوں کارکنان حرمین کے تحفظ کے لئے ہر دم تیار ہیں، محمد سلیمان

حویلیاں (نمائندہ شمال) عقیدہ ختم نبوت پر کوئی سمجھوتہ نہیں۔ ہماری جماعت کے لاکھوں کارکنان حرمین کے تحفظ کے لئے ہر دم تیار ہیں سینئر حافظ عبدالکریم صحابہ و اہل بیت کی گستاخی برداشت نہیں کریں گے، مولانا محمد سلیمان تفصیلات کے مطابق مرکزی جمعیت اہل حدیث حویلیاں کے زیر اہتمام ریلوے گراؤنڈ حویلیاں میں تیسری سالانہ اہل حدیث کانفرنس ریلوے گراونڈ حویلیاں میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں عقیدہ ختم نبوت، دفاع صحابہ و اہل بیت اور تحفظ حرمین شریفین کے حوالے سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

ایبٹ آباد میوزیم، ماضی کی زندہ داستان و تاریخی ورثہ ہے

میوزیم میں ہزارہ کی قدیم طرزِ زندگی، روایات اور ثقافت کی جھلکیاں آج بھی محفوظ ہیں

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) ہم روزانہ ایبٹ آباد کی سڑکوں سے گزرتے ہیں، مگر کیا ہم اپنے شہر کی تاریخ سے بھی اتنے ہی واقف ہیں؟ کمپنی باغ کے سامنے لنڈا بازار کے قریب واقع ایبٹ آباد میوزیم ماضی کے طرزِ زندگی، روایات اور ثقافتی ورثے کی خوبصورت عکاسی کرتا ہے۔ میوزیم میں روایتی گھریلو اشیا، فرنیچر، برتن، زیورات اور پرانے طرز کے مکمل کمرے سمیت مختلف اشیا محفوظ ہیں، جو ہزارہ کے لوگوں کے رہن سہن اور ثقافتی روایات کی جھلک پیش کرتی ہیں۔ یہ میوزیم صرف (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

جمال خان جدون کی دعوت ولیمہ کے موقع پر چیئرمین ابرار خان و دیگر کا گروپ فوٹو

پلاسٹک بیگز پر پابندی' کپڑے کے تھیلے بھی صارفین پر بوجھ

صارفین کو خریداری کا سامان پلاسٹک شاپنگ بیگ کے بجائے کپڑے کے بیگز میں فراہم کرنے کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پلاسٹک شاپنگ بیگز کے استعمال پر پابندی کے بعد مانسہرہ کے بڑے شاپنگ مالز اور تجارتی مراکز میں صارفین کو خریداری کے دوران پلاسٹک بیگز کے متبادل کے طور پر کپڑے کے بیگز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

گرفتار افغانیوں کو مزید جیل میں رکھنے کی بجائے ڈی پورٹ کیا جائے

دنیا کے ہر ملک میں یہی دستور وقانونی ہے مگر پاکستان کی منطق سمجھ سے باہر ہے

ہریپور (گل جان خان سے) معمولی نوعیت کے مقدمات میں گرفتار افغانیوں کو مزید جیل میں رکھنے کی بجائے انہیں اپنے وطن ڈیپورٹ کرنا چاہیے، دنیا کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

یوسف ایوب خان اور دیگر رہنماؤں کی دعوت ولیمہ میں شرکت

ہری پور (شمال نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

کھلابٹ، جماعت اسلامی کے فتح الہادی عرف گل جی کے بہنوئی محمد جمیل کی نماز جنازہ محلّہ دربند میں ادا کی جا رہی ہے

گڑھی حبیب اللہ انجمن تاجران انتخابات، تاجر خدمت گروپ کامیاب

جنید زمان عرف جونی صدر اور مفتی عبدالمجید جلالی جنرل سیکرٹری منتخب

کلگان (وحید الرحمٰن سے) گڑھی حبیب اللہ انجمن تاجران کے انتخابات میں تاجر خدمت گروپ کی کامیابی پر سابق رکن صوبائی اسمبلی میاں ضیاء الرحمٰن کے ترجمان وسیم شوکت گکھڑ نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ نئی قیادت تاجروں کے مسائل کے حل کیلئے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ نمائندہ شمال سے گفتگو کرتے ہوئے وسیم شوکت گکھڑ نے کہا کہ نومنتخب صدر جنید زمان عرف جونی، جنرل سیکرٹری مفتی عبدالمجید جلالی اور ان کی ٹیم تاجروں کے حقوق کی پاسبانی کیلئے اپنی تمام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

حویلیاں ریلوے اسٹیشن ورثہ زوال کا شکار' سیاحتی مرکز بنانے کی ضرورت

قدرتی حسن سے مالا مال مقام مناسب توجہ، بحالی اور سہولیات سے ہزارہ کا اہم سیاحتی وتاریخی مرکز بن سکتا ہے، قدیم ریلوے عمارتیں اور ورثہ محفوظ بنانے کیلئے خصوصی منصوبہ بندی ناگزیر

حویلیاں، ایبٹ آباد (سروے رپورٹ) تحصیل حویلیاں میں واقع تاریخی ریلوے اسٹیشن قدرتی حسن، پہاڑی مناظر اور برصغیر کے قدیم ریلوے نظام سے جڑے تاریخی ورثے کے باعث منفرد اہمیت رکھتا ہے۔ سرسبز پہاڑوں کے دامن میں قائم یہ مقام نہ صرف ریلوے تاریخ سے وابستہ ہے بلکہ سیاحوں کیلئے بھی ایک پرکشش مقام بننے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، تاہم مناسب توجہ اور ترقیاتی اقدامات نہ ہونے کے باعث اس تاریخی اثاثے سے مطلوبہ فائدہ نہیں اٹھایا جا رہا روزنامہ شمال کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 35)

سرائے صالح قتل مقدمہ میں ملزم کی درخواست ضمانت منظور

عدالت نے ملزم عمر خان ولد صابر خان کی رہائی کا پروانہ جاری کر دیا

ہریپور (کورٹ رپورٹر) سرائے صالح قتل کے مقدمہ میں ملزم کی درخواست ضمانت منظور، ملزم کی جانب سے ایڈوکیٹ ملک سعد مسعود نے مقدمہ کی پیروی کی، عدالت نے ملزم کی رہائی کا پروانہ جاری کر دیا، واقعہ کے مطابق مورخہ 30 جون 2026 کو تھانہ سرائے صالح کی حدود میں قتل کی واردات ہوئی جس میں مقتول خاندان نے ملزم عمر خان ولد صابر خان ساکنہ چنگی باندی ہریپور کے خلاف دعویداری کی تھی جس میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج 4 نے درخواست ضمانت منظور کر کے ملزم کے رہائی احکامات صادر کیے۔

پھلڑہ سابق ومتوقع امیدوار صوبائی اسمبلی فہد حبیب تنولی عمائدین لساں نواب کے ہمراہ

پی او ایف ایس ایچ او پی او ایف ظاہر شاہ بھاری نفری کے ہمراہ، نقص امن سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت موجود

تھانہ پنیاں پولیس کی کارروائی کے دوران گرفتار ملزم رفاقت علی اور برآمد ہونے والی ایک کلو 850 گرام چرس

ہریپور جوڈیشل کمپلیکس کی پولیس سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

لاری اڈہ میں قبل از وقت گاڑیاں کھڑی کرنے پر ٹریفک پولیس کا نوٹس

لاری اڈہ انتظامیہ سے میٹنگ، مقررہ اوقات کی پابندی یقینی بنانے کی ہدایت

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان کی ہدایت پر ٹریفک انسپکٹر انس خان نے لاری اڈہ انتظامیہ کے ساتھ میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران لاری اڈہ این گیٹ کے اندر بسوں، کیری ڈبوں اور دیگر مسافر گاڑیوں کے مقررہ وقت سے قبل آ کر کھڑے ہونے کے باعث ایک ہی وقت میں متعدد گاڑیوں کے جمع (بقیہ صفحہ 3 نمبر 37)

تحصیلدار مال مانسہرہ گل رحمٰن اسسٹنٹ کمشنر پروموٹ ہو گئے

اس سے قبل تحصیلدار ارشد محمود بھی مانسہرہ سے ہی اسسٹنٹ کمشنر پروموٹ ہوئے ہیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تحصیلدار مال مانسہرہ گل رحمٰن اسسٹنٹ کمشنر پروموٹ ہو گئے اس سے قبل تحصیلدار ارشد محمود بھی مانسہرہ سے ہی اسسٹنٹ کمشنر پروموٹ ہوئے ہیں تحصیلدار مال مانسہرہ گل رحمٰن اسسٹنٹ کمشنر کے عہدہ پر ترقی پا گئے ہیں وہ ایک عرصہ سے تحصیلدار مال مانسہرہ رہے ہیں اور اپنے دور میں انہوں نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 39)

تھانہ جات کو ٹاؤٹ قسم کے لوگوں سے پاک رکھنا امن امان کے لئے ضروری ہے

ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ سید تصور حسین شاہ کی ایس ایچ او پھلڑہ اورنگزیب خان کو ہدایات

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تھانہ جات کو ٹاؤٹ قسم کے لوگوں سے پاک رکھنا امن امان کے لئے ضروری ہے انصاف کی فراہمی یقینی ہونا ہے ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ سید تصور حسین شاہ نے ایس ایچ او پھلڑہ اورنگزیب خان اور ایس ایچ او لساں نواب سید صمصام الاسلام شاہ کو ہدایات دیتے ہوئے کہا ہے کہ تھانہ جات کو ٹاؤٹ قسم کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

منور خان وائس آف بفہ کے سہارہ پروگرام کا فوکل پرسن منتخب

منور خان کا فوکل پرسن کے عہدے پر انتخاب ان کی خدمات اور اعلیٰ صلاحیتوں کا اعتراف ہے

بفہ (بیورو چیف) منور خان کو وائس آف بفہ کے سہارہ پروگرام کا فوکل پرسن منتخب کر لیا گیا۔ منور خان کو سہارا پروگرام کا فوکل پرسن منتخب ہونے پر وائس آف بفہ ویلفیئر فاؤنڈیشن کے سیکرٹری اطلاعات ونشریات محمد عمیر خان نے مبارک پیش کرتے ہوئے کہا کہ منور خان کا فوکل پرسن کے عہدے پر انتخاب ان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 48)

سید سعود ولد سید احمد شاہ کو سپرد خاک کر دیا گیا

مانسہرہ (سپیشل ڈسٹرکٹ رپورٹر) سید سعود ولد سید احمد شاہ چیف چیکر آفیسر ناٹکو کی ناگہانی وفات پا گئے جن کو ان کے آبائی قبرستان میں سپردِ خاک کر دیا ان کی نمازِ جنازہ میں کثیر تعداد میں عوام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 40)

عوام غربت کے اندھیروں میں ٹکریں کھا رہے ہیں، صلاح الدین

پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے درمیان سیاسی عدم استحکام ہی سنگین رکاوٹ ہے

بجنہ (نامہ نگار) پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے درمیان سیاسی عدم استحکام ہی سنگین رکاوٹ ہے۔ یہ بات سینیئر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے گزشتہ روز نوجوانوں کے ایک وفد سے ملاقات کے بعد شمال کو بتائی۔ انہوں نے کہا کہ حیرت کی بات ہے کہ قدرتی چار موسموں، وافر بارانی پانی، بیشمار قدرتی وسائل سے مالا مال ملک قرض کی لعنت اور اس کے عوام غربت کے اندھیروں میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 38)

سینئر صحافی شیخ نذیر وفاقی وزیر سردار محمد یوسف سے صوبہ ہزارہ قیام کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں

ڈی ای او الیاس خان کا گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول کوکل برسین کا دورہ

ہر بچے میں منفرد صلاحیت موجود، طلبہ محنت سے آگے بڑھیں، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر

مانسہرہ (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر الیاس خان نے گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول کوکل برسین کا پہلے باقاعدہ دورہ کیا۔ سکول آمد پر پرنسپل ڈاکٹر اشفاق اور سٹاف نے ڈی ای او کا استقبال کیا اور انہیں سکول کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کرایا۔ ڈی ای او الیاس خان نے طلبہ کی مختلف نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سکول انتظامیہ، پی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

پرنسپل ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ نے آج پی ٹی سی کا اجلاس طلب کر لیا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) پرنسپل ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ نے آج پی ٹی سی کا اجلاس طلب کر لیا اجلاس میں تعلیمی سرگرمی کو بہتر بنانے اور پی ٹی سی فنڈز کے استعمال پر مشاورت ہوگی پرنسپل ہائیر سیکنڈری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 49)

ذاکرین صاحب خرد اور عقل مند لوگ ہوتے ہیں' امیر عبدالقدیر اعوان

سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا دو روزہ ماہانہ روحانی اجتماع کے موقع پر خطاب

ہری پور (بیورو رپورٹ) صاحب خرد اور عقل مند لوگ وہ ہیں جو کھڑے، بیٹھے اور لیٹے ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتے ہیں۔ اس سے مراد ذکر خفی ہے جو قلب سے کیا جاتا ہے۔ باطنی ذکر کا پہلو ہوگا تو ذکر کثیر ہوگا۔ صوفیا ذکر کی تلقین پر فرماتے ہیں کہ تہجد کے وقت کا ذکر اور شام کے ذکر کی پابندی کریں۔ یہ دو وقت کا ذکر دائمی ذکر تک لے جاتا ہے جس سے بندہ ہمہ وقت متوجہ الی اللہ رہتا ہے۔ آج کی غفلت کے اسباب میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 41)

آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہیگا

ہری پور (جنرل رپورٹر) آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک جبکہ دن کے دوران میدانی علاقوں میں گرم رہنے کا امکان ہے تاہم شام/رات میں بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 42)

ریسکیو 1122 ہری پور نے ماہ ستمبر کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی

مختلف ایمرجنسی صورتحال میں بروقت رسپانس کرتے ہوئے عوام کو سہولیات فراہم کی ہیں

ہری پور (نمائندہ خصوصی) ریسکیو 1122 ہری پور نے ماہ ستمبر کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ظاہر میاں کے مطابق ریسکیو 1122 ہری پور نے ستمبر کے مہینہ میں 302 مختلف نوعیت کی ایمرجنسی صورتحال میں بروقت رسپانس کرتے ہوئے عوام کو سہولیات فراہم کی ہیں۔ ریسکیو 1122 ہری پور کنٹرول روم کو مجموعی طور پر 16,946 کالز موصول ہوئیں جن میں 12,844 غیر ضروری اور جعلی کالز تھیں۔ ستمبر کے مہینہ میں 197 میڈیکل، 77 روڈ ٹریفک حادثات، 6 (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)

سب سے پہلے ہزارہ صوبہ بنے گا، مرتضیٰ جاوید عباسی

ہری پور (نمائندہ شمال) سابق وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی نے ہری پور میں صوبہ ہزارہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر پاکستان میں نئے صوبوں کا قیام عمل میں لایا گیا تو سب سے پہلے صوبہ ہزارہ بنے گا۔ مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کا قیام ہزارہ کے عوام کا دیرینہ مطالبہ ہے اور اس مقصد کیلئے سیاسی، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 51)

تحریک انصاف پاکستان کی عوام کی امنگوں کی ترجمان ہے

ظلم کی سیاہ رات چھٹنے والی ہے، میٹنگ میں بابو جاوید اقبال کا خطاب

حویلیاں (نمائندہ شمال) عمران خان بانی تحریک انصاف ہی پاکستان کی عوام کی امنگوں کا نشان ہے ظلم کی سیاہ رات چھٹنے والی ہے بابو جاوید اقبال تفصیلات کیمطابق انصاف لیبر ونگ یونین کونسل ناڑہ کا اہم اجلاس، 6 اکتوبر کے لانگ مارچ کی تیاریوں پر مشاورت یونین کونسل ناڑہ ججیکوٹ میں انصاف لیبر ونگ کے سرپرستِ اعلیٰ بابو جاوید اقبال کی زیرِ صدارت 6 اکتوبر کے لانگ مارچ کی موبلائزیشن کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 52)

ارم فاطمہ ترک MNA شائستہ جدون سید عباس شاہ اور سید حیدر زمان شاہ کی دعوتِ ولیمہ میں شریک

فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ملاقات

پشاور (شمال نیوز) ملاقات میں اس بات پر تشویش کا اظہار کیا گیا لانگ مارچ کے دوران دہشت گردوں کو سیکورٹی چیک پوسٹوں سے بحفاظت کراس کرانے کی سہولت کاری فراہم کرنے کا خدشہ ہے، مذاکراتی عمل میں دہشت گردی کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 53)

حسیب ہاشمی کی تکمیل قرآن کی سعادت پر روح پرور پروقار تقریب

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) مدرسہ انوار القرآن ڈھوڈیال مرغزار کے طالب علم حسیب ہاشمی کی تکمیل قرآن کی سعادت پر روح پرور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں خطیب جامع مسجد ہزارہ یونیورسٹی مولانا عامر محمود، مولانا رفیق، مہتم مدرسہ انوار القرآن قاری محمد ہارون (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

ایم پی اے آمنہ سردار کی زیرِ اہتمام بریسٹ کینسر آگاہی مہم کے دوران

پروفیسر راجہ گل فراز اشرف کی ایبٹ آباد بورڈ میں تعیناتی

تعیناتی قابلیت اور پیشہ ورانہ خدمات کا اعتراف قرار، تعلیمی حلقوں کی خراج تحسین

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) پروفیسر راجہ گل فراز اشرف کو بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایبٹ آباد میں بطور ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ آفیسر (R&D Officer) تعینات کر دیا گیا۔ ان کی تعیناتی پر تعلیمی وسماجی حلقوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ مبارکباد دینے والوں کا کہنا ہے کہ پروفیسر راجہ گل فراز اشرف کی نئی ذمہ داری ان کی قابلیت، محنت، خلوص اور پیشہ ورانہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)

مرحوم ربنواز کو پولیس کی جانب سے اعزاز کے ساتھ سلامی

پولیس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے مرحوم کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) پولیس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے مرحوم ربنواز کو اعزاز و اکرام کے ساتھ آخری سلامی پیش کی گئی۔ پولیس اہلکاروں نے مرحوم کی میت کو سرکاری اعزاز کے ساتھ سلامی دی اور ان کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر پولیس افسران و اہلکاروں نے مرحوم کے لواحقین سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ پولیس حکام کا کہنا تھا کہ مرحوم کی خدمات کو قدر کی نگاہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

منشیات فروشی اور طفل سے زیادتی میں ملوث ملزمان گرفتار

بچوں سے زیادتی جیسے سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی، قمر حیات

پھلڑہ (نمائندہ شمال) منشیات فروشی اور طفل سے زیادتی میں ملوث ملزمان گرفتار ڈی پی او بٹگرام قمر حیات خان (PSP) کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ بنہ ستار شاہ نے ٹارگٹڈ آپریشن میں منشیات فروشی میں ملوث ملزم عبدالقیوم ولد جنگریز خان سکنہ کرگ کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے منشیات برآمد کر لی۔ دوسری کارروائی میں طفل) ط (سے زیادتی کے مقدمے میں ملوث ملزم مسمی) و (کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن امجد حسین خان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 54)

کھلاڑیوں کا انتخاب کر کے ان کی ٹیمیں تشکیل دی گئیں

ایبٹ آباد (نامہ نگار) فرسٹ پاکستان رائزنگ اسٹار موئے تھائی چیمپیئن شپ ایبٹ آباد۔ اس چیمپیئن شپ کے انعقاد کا مقصد ملک بھر سے موئے تھائی کا ٹیلنٹ رکھنے والے کھلاڑیوں کی تلاش کرنا اور انہیں اپنا ہنر دکھانے کا موقع (بقیہ صفحہ 3 نمبر 55)

اظہارِ تشکر

اظہارِ تشکر — اظہارِ تشکر

میرے والد محترم کے انتقال پر جنازے میں شرکت کرنے' تعزیت کیلئے تشریف لانے' ٹیلیفون پر رابطہ کرنے او مختلف ذرائع سے اظہار تعزیت و ہمدردی کرنیوالے تمام عزیز و اقارب' دوست احباب' افسران واہلکاران اور دیگر تمام احباب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں

آپ سب نے غم کی اس گھڑی میں ہمارے ساتھ شریک ہو کر جو محبت' خلوص اور ہمدردی کا اظہار کیا' وہ ہمارے لئے باعث تسلی اور ہمیشہ قابل قدر رہیگا

اللہ تعالیٰ میرے والد محترم کی کامل مغفرت فرمائے' انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)

منجانب' ابرار احمد

ڈی ایف او کاغان فاریسٹ ڈویژن



مانسہرہ پولیس کے اہلکار رب نواز خان دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے

ہری پور۔ نوتعینات ڈی ای او حیات خان ہری پور چارج رپورٹ پر دستخط کر رہے ہیں

شیروان کی ایک خوبصورت مسجد میں نماز کے دوران، پولیس اہلکار اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے